# موونگ آن اپ

## Moving on up




## اپنے ذاتی گھر میں رہنے کے لئے گائیڈ

# موونگ آن اپ

## اپنے ذاتی گھر میں رہنے کے لئے گائیڈ

*Moving on up*

LONDON COUNCILS

eaves putting women first

# فہرست مضامین


5 چیف ایگزیکٹیو، ایویس کی جانب سے پیغام
6 1. نقطے دار لائینوں پر دستخط کرنا
18 2. آغاز ہی سے اس کو درست بنانا ۔۔۔ کرایہ اور بلز
36 3. سیفٹی اینڈ سیکورٹی (تحفظ وحفاظت)
42 4. ریسائیکلنگ (ازسرنواستعمال کرنے کا عمل)
46 5. بنیادی ڈی آئی وائی (از خود کرنے والے کام)
72 6. اگلا مرحلہ کیا ہے؟

78 ضمیمہ اے : منتقل ہونے کی چیک لسٹ
80 ضمیمہ بی : میزانیہ کاری (بجٹنگ)
82 ضمیمہ سی : مفید رابطے
89 ضمیمہ ڈی : ایویس سے متعلق

# ایک نیا گھر!

ایک نئے گھرمیں منتقلی ولولہ خیزسماں پیش کرتی ہے۔ آپ کو یہ ازسرنوآغازاورآزادانہ زندگی بسر کرنے کا موقع دیتی ہے۔ ؛یہ آپ کے لئے اپنا من پسند ماحول پیدا کرنے کا امکان مہیا کرتی ہے جہاں پرآپ اپنا دروازہ بند کرکے دنیاوی تقاضوں کو دھکیل باہرکرتے ہیں۔

تاہم، منتقلی سے متعلق ان تمام اچھی باتوں کےعلاوہ یہ عمل محنت طلب اوربسا اوقات تھکا دینے والا ہوتا ہے۔ آپ ہرعمل کو درست ترتیب سے سرانجام دینے کی کوشش کرتے ہوئےاوراس امرکو یقینی بناتے ہوئے کہ کا )غذی کاروائی کے جھنجھلا دینے والے تمام چھوٹےموٹے امورترتیب دے دیئے ہیں آپ کوازخود سر انجام دیے جانے والےکام اس طرح پھیلے ہوئے لگتے ہیں کہ آپ کے لئے سر کھجانا مشکل بنا دیتے ہیں۔

اپنےنئے گھرمیں رہائش اختیار کرنے کے ابتدائی دنوں کے دوران آپ کو کچھہ مدد فراہم کرنے کے لئے ”موونگ آن اپ“ تحریر کی گئی ہے۔ اس کا مقصد آپ کی زندگی کو تھوڑا بہت سہل بنانے کے لئے مطلوب معلومات فراہم کرنا ہے۔ تاہم، آپ کو چند ایک ایسےمسائل کا سامنا ہوسکتا ہے جن کا احاطہ ہم نہیں کرسکے ہیں۔ ان حالات میں ہم آپ کو ایسی ایجنسیوں کے ساتھہ رابطہ قائم کرنے کی تاکید کرتے ہیں جو آپ کو مدد فراہم کر سکیں گیں۔ مثال کے طور پرلندن کی کئی ایک باروز (بلدیوں) میں شہری راہمنائی کے بیوروز یا ایجنسیاں موجود ہیں جو کہ بجٹ کے انتظام اورقرض سے متعلق مشاورت فراہم کرتی ہیں۔ آپ کو ان سے بلا جھجک رابطہ قائم کرنا چاہیے مشکل حالات میں لوگوں کی مدد کرنا اوران کو پیشہ ورانہ راہنمائی فراہم کرنا ہی ان اداروں کے وجود کا مقصد ہے۔ ایویس کئی ایک منصوبوں اورورکشاپوں کا انعقاد بھی کرتی ہے جوکہ آپ کے لئے مفید ثابتہو سکتی ہیں اورجن کی تفصیلات اس گائیڈ کی پشت پرجزو ڈی میں درج ہیں۔ آپ کو اپنا نیا گھرمبارک ہو! اگرہم نے اس گائیڈ کے اندر کوئی ایسی کمی چھوڑ دی ہے جس کو آپ ضروری سمجھتے ہیں تو براہ کرم ہمیں ضرورمطلع کریں تا کہ ہم اس کواگلی اشاعت کے اندرفورا“ ڈال سکیں۔



ڈینس مارشل
ایویس چیف ایگزیکٹیو


30. Governing Law
IN WITNESS WHEREOF
[Landlord] Signature Block
[Tenant] Signature Block

# 1

# نقطے دار لائن پردستخط کرنا

اتنا وقت انتظار کرنے کے بعد آخرکارآپ کو ایک نیا گھر مل گیا ہے۔ ہوسکتا ہے یہ آپ کے خوابوں کا محل نہ ہو، لیکن یہ آپ کا اپنا ہے۔ اوراگرآپ ہم سب کی طرح ہی ہیں، تو یہ آپ کے لئے ایک تسکین کا باعث ہوگا۔ تاہم، اس سے پہلے کہ آپ ایک رقصِ مسرت کریں اور اپنے دوستوں/خاندان/کام کی جگہ پر بتانے کے لئے فون کریں، برائے مہربانی چند تکلیف دہ تفصیلات پرتوجہ کرنا یقینی بنائیں اور کچھ بیزار کن کام کا آغاز کریں

# سوچنے کی باتیں

* آغاز کرایہ داری کی تاریخ۔ مکان کو دیکھنے کے وقت پر انحصار کرتے ہوئے، آپ کو چاہئے کہ کم از کم ایک ہفتہ بعد کی کسی تاریخ کو اس میں داخل ہونے کے لئے گفت و شنید کرنے کی کوشش کریں۔ پھر بھی آپ جب چاہیں چابیاں لے کر مکان میں جا سکتے ہیں، لیکن وقت طے کرنے سے یہ یقینی ہوجائے گا کہ آپ مختلف کام کاج پایۂ تکمیل تک پہنچا سکیں گے، جیسا کہ گزشتہ کرایہ داریوں یا اجازت ناموں کوختم کرنا، گیس/بجلی فراہم کرنے والوں کو مطلع کرنا، اپنی ڈاک کو نئی جگہ پہنچانے کے بارے میں ہدایت دینا وغیرہ۔
* معلوم کریں کہ ہفتہ وار کرایہ کتنا ہے۔
* اگرآپ ایک فلیٹ کرایہ پر لے رہے ہیں تو ہو سکتا ہے آپ کو عمارت کی مشترکہ جگہوں کے لئے کچھ سروس چارج بھی ادا کرنا پڑے ۔ معلوم کریں آیا یہ کرایے میں شامل ہے یا یہ علیحدہ طور پر لیا جاتا ہے اور اپنے بجٹ کو اس کے مطابق ترتیب دیں۔
* اگر آپ کوئی کام نہ کر رہے ہوں یا کم اجرت حاصل کر رہے ہوں تو ہاؤسنگ بینیفٹ (رہائشی فائدے ) یا دیگر مالی اعانت کے لئے درخواست دیں۔ (مزید معلومات کے لئے www.direct.gov.uk ملاحظہ کریں)۔
* یقینی بنائیں کہ آپ کرایہ داری کی شرائط و ضوابط اور اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھتے ہیں۔ یہ چیز بیزارکن محسوس ہو سکتی ہے – عام طور پر یہ دستاویزات پڑھنے میں اتنی پُرکشش نہیں ہوتیں – لیکن آپ کے لئے یہ جان لینا نہایت اہم ہے کہ آپ کیا کچھ امید کر سکتے ہیں اور آپ سے کس چیز کی توقع کی جا سکتی ہے۔
* اپنے ہاؤسنگ افسر کے رابطہ کی تفصیلات حاصل کریں تاکہ آپ اپنے ممکنہ استفسارات کے ساتھ اس کو براہ راست فون کرسکیں۔
* اگرآپ رہائشی فوائد لے رہے ہیں یا آپ کی آمدنی کم ہے اور اگر آپ کی وہ کرایہ داری جہاں آپ منتقل ہو رہے ہیں، اس کرایہ داری سے جہاں سے آپ آئے ہیں، متجاوز ہو جائے تو آپ ڈوئل ہاؤسنگ بینیفٹ (دوہرے ہاؤسنگ بینیفٹ ) کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ یہ آپ کو دو مکانوں کا کرایہ بیک وقت ادا کرنے سے بچانے کے لئے ہے۔ تفصیلات کے لئے اپنے ہاؤسنگ افسر سے پوچھیں۔

# پہلا کام پہلے کریں...

اچھا، آپ نے مکان کو قبول کر لیا ہے اور آپ کو امید ہے کہ چند دنوں میں آپ اس میں منتقل ہو جائیں گے۔ غالباً اب وقت ہے کہ آپ سکون سے اپنے نئے گھر کا دورہ کریں تاکہ اس بڑی منتقلی سے پہلے آپ چند ضروری کام کرنے کے لئے خود کو تیار کرلیں۔ ۔ ۔

* ایک نوٹ پیڈ اور قلم لے لیں تاکہ آپ ان مرمتوں، سجاوٹوں یا دیگر مسائل کے حل کے بارے میں نوٹ کر سکیں جنہیں انجام دینا ضروری ہو۔
* ایک پیمائش کا فیتہ لیں اور پردوں کے لئے کھڑکیوں کی، فرنیچر اور فرش کو ڈھانپنے کے لئے فرش کی، اور داخلے کی جگہ کی پیمائش کریں، تاوقتیکہ آپ ایک تربیت یافتہ جادوگر نہ ہوں جو چار فٹ چوکھٹ کے دروازے میں سے ایک چھ فٹ کے صوفے کو نکالنے کی کوشش کر رہا ہو جو کہ نہیں ہو سکتا۔
* وہ سب چیزیں جن کے بغیرآپ نہیں رہ سکتے انہیں ایک ' بکس برائے منتقلی' میں ڈالنا شروع کریں۔ اس میں ایک کیتلی اور چند کپ، کافی کی ایک بوتل، بیت الخلاء کے لئے چند رول اور صابن، آپ کا موبائل فون، پلاسٹک کے گھریلو دستانے شامل ہو سکتے ہیں ۔ ۔ ۔ اور یہ فہرست لامتناہی ہوسکتی ہے۔ ان اشیاء کے بارے میں صرف آپ ہی کو معلوم ہے کہ ان کے بغیر آپ دن میں گزارہ نہیں کر سکتے، اور ضروری امر یہ یاد رکھنا ہے کہ آپ اس بکس میں چیزوں کو اکٹھا کرکے اس روز ساتھ لے جائیں۔
* چابیاں – کیا آپ کے پاس کافی چابیاں ہیں؟ ہنگامی حالات کے لئے ایک فالتو سَیٹ ہمیشہ مفید رہتا ہے۔
* ٹونٹیاں اور سِنک – کیا آپ کے یہاں گرم پانی آ تا ہے؟ فی الحقیقت، کیا پانی آ بھی رہا ہے؟ اگر نہیں، تو اپنے ہاؤسنگ افسر سے بات کریں۔
* روشنی کی تنصیبات اور ساکٹ – کیا پچھلے مکین جاتے وقت روشنی کے سارے بلب اتار کر ساتھ لے گئے ہیں؟ اگر وہ لے گئے ہیں تو آپ کو اپنے منتقلی والے دن کے باکس میں ایک دو بلب رکھنے ہوں گے۔
* عمومی صفائی – مقام افسوس ہے کہ بعض لوگ مکان کو صاف ستھری حالت میں چھوڑ کر نہیں جاتے۔ آپ کوصفائی کی حالت جلد دیکھنی چاہئے اوراگر ضروری ہوتو اپنے لئے صفائی کا سامان تیار کر رکھیں۔
* ہیٹنگ – چیک کریں کہ یہ کس قسم کی ہے، یہ کیسے کام کرتی ہے، اس کو کہاں سے قابو کیا جاتا ہے اور آیا یہ کام کر رہی ہے۔ اگر یہ صحیح طرح سے کام نہیں

کررہی تو صاحبِ جائداد اور افادیتوں (یوٹیلیٹیز) کی کمپنی سے بات کریں اوران کے ذریعہ ان کی مرمت کرنے کا بندوبست کریں۔

* کُکر کی جگہ – چیک کریں کہ ککشن گیس کُکر کا ہے یا کہ بجلی کے کُکر کا۔ تاکہ آپ کو پتہ ہو کہ آپکو کیا خریدنا ہے۔ آپ کے مالک مکان سے یہ قانونی طور پرمطلوب ہے کہ وہ ہر سال گیس سیفٹی چیک کروائے تاکہ آپ محفوظ رہیں۔ چیک کریں آیا یہ کام کیا جا چکا ہے کہ نہیں۔ پھر اپنی ڈائری میں نوٹ کریں کہ آئندہ چیکنگ کب ہونی ہے تاکہ اگر ضروری ہو تو آپ اس کا تعاقب کر سکیں۔
* ٹی وی/ فون – چیک کریں کہ فون اور ٹی وی کے ایریل کا پوائنٹ موجود ہے۔
* سجاوٹیں – ہر کمرے اور ہال وے میں سجاوٹوں کی عمومی صورت حال کو چیک کریں اور نوٹ کریں۔ ہو سکتا ہے سجاوٹ آپ کے مزاج کے مطابق نہ ہو۔ یہ تصور کرنے کی کوشش کریں کہ یہ آپ کے انداز اور ہلکے سے رنگ و روغن کے ساتھ کیسا دکھائی دے گا۔ (کوئی کام شروع کرنے سے پیشتر اپنے مالک مکان سے اجازت ضرور لے لیں!)۔ آپ کی منتقلی کی جگہ کے مطابق، ہو سکتا ہے آپ کسی سجاوٹی الاؤنس کا استحقاق رکھتے ہوں، اس لئے اس بارے میں چیک کرنا بہتر رہے گا – اپنے ہاؤسنگ افسر سے پوچھیں۔
* پانی – یہ یقینی بنائیں کہ آپ کو پانی بند کرنے کی ٹونٹی اور پانی کے میٹر کی جگہ کا علم ہو۔
* الیکٹرسٹی اورگیس کے میٹر – سپلائی (فراہمی) کو آن اور آف کرنے کا طریقہ چیک کریں، معلوم کریں یہ فی الوقت مربوط (کنیکٹ شدہ) ہیں اور آخری رِیڈنگ کب لی گئی تھی۔ یہ یقینی بنائیں کہ آپ کو پتہ ہو کہ فیوز بکس کہاں پر واقع ہے۔
* اشیاء کو ہٹانے/ ٹرانسپورٹ کے اخراجات – اگر آپ کے پاس منتقل کرنے کے لئے متعدد اشیاء ہیں، تو یہ مناسب وقت ہے کہ اپنے علاقے کی سامان منتقل کرنے کی کمپنیوں کے بارے میں تحقیق کریں۔ اگر آپ کے پاس زیادہ سامان نہیں ہے تو آپ ایک چھوٹی سی گاڑی کرائے پر لے سکتے ہیں یا اپنے دوستوں کو مدد کرنے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔ بعض علاقوں میں کمیونٹی ٹرانسپورٹ اسکیمیں بھی ہوتی ہیں جو آپ کو زبردست رعایتی قیمتوں پر مدد کر سکتی ہیں؛ یہ دیکھنے کے لئے کہ ایسی اسکیمیں آپ کے قریب موجود ہیں یا نہیں، اپنی مقامی لائبریری میں یا انٹرنیٹ پرچیک کریں۔



# تنصیبات، لوازمات اور مالیات

اگرآپ ان خوش نصیب لوگوں میں سے ہیں جن کے پاس نئے گھر میں منتقل کرنے لئے سامان سے بھرا ہوا ایک گودام موجود ہے تو آپ اس گائیڈ کے اگلے حصے میں جانا پسند کریں گے، تاہم، اگر آپ کے پاس ساتھ لے جانے کے لئے زیادہ سامان نہیں ہے یا کچھ بھی نہیں ہے تو مندرجہ ذیل معلومات سے آپ کو مدد مل سکتی ہے۔

جب تک کہ آپ کا گھر پوری طرح آراستہ نہ ہو، آپ کو فرنیچر اور گھریلو آلات کے لئے رقم خرچ کرنی ہوگی۔ یہ کافی مہنگے ہو سکتے ہیں، لیکن اگر آپ بینیفٹ حاصل کر رہے ہوں تو آپ کچھ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

## کمیونٹی کیئر گرنٹ

اگر آپ پہلے انکم سپورٹ، آمدنی سے متعلقہ ایمپلائمنٹ اینڈ سپورٹ الاؤنس، آمدنی پر مبنی جاب سیکرز الاؤنس یا پینشن کریڈٹ حاصل کر رہے ہوں تو آپ ایک گرانٹ برائے کمیونٹی نگہداشت کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ ایک گرانٹ کے تب بھی اہل ہوسکتے اگر:

* آپ رہائشی یا اداراتی نگہداشت سے آزادہو کر رہنے کے لئے منتقل ہو رہے ہیں؛
* آپ ایک نئے گھر میں منتقل ہو رہے ہیں جو زندگی کے ایک غیر مستحکم وقفے کے بعد آپ کے لئے زیادہ موزوں ہوگا، اور آپ کی مقامی کونسل یا رضاکار تنظیم آپ کو آباد کر رہی ہے؛
* آپ کو اپنے گھر میں قیام کرنے کے لئے مدد کی ضرورت ہے، اگر متبادل طور پر آپ کو رہائشی نگہداشت یا اسپتال میں رہنا پڑے؛
* آپ کو مدد درکار ہے، کیونکہ آپ یا آپ کے خاندان کو دباؤ کا سامنا ہے، جیسے خاندانی انتشار یا آپ میں سے کوئی ایک کسی طویل مدتی مرض میں مبتلا ہے؛
* آپ کسی بیمار یا معذور یا ایسے شخص کی دیکھ بحال کرتے ہیں جو عارضی اجازت نامے پر حراست سے بری ہوا ہے؛

آپ کو حاصل ہونے والی رقم کا انحصار آپ کی اہلیت کی نوعیت اور کمیونٹی کیئر گرانٹ کے بجٹ میں اس وقت موجود رقم پر ہے۔ فارم پُر کرتے وقت تنصیب اور فراہمی جیسے پوشیدہ اخراجات سمیت نئے فرنیچر پر صرف ہونے والے تمام مصارف کے بارے میں سوچیں۔ اگرچہ گرانٹ برائے کمیونٹی نگہداشت مددگار ہوگی، تاہم آپ کو یہ ذہن میں رکھنا چاہئے کہ عام طور پر آپ کی ضرورت کے مطابق پوری رقم موصول نہیں ہوتی اور بعض اوقات لوگوں کو بہت کم رقم ملتی ہے۔

**تنبیہی الفاظ...**

**اگر آپ کو گرانٹ برائے کمیونٹی نگہداشت کا فارم مکمل کرنے کا تجربہ نہیں، تو ہو سکتا ہے آپ کو یہ قدرے پریشان کن لگے۔ اگر آپ ایک ہوسٹل یا پناہ گاہ میں رہ رہے ہوں تو آپ ایک امدادی کارکن کو مدد کرنے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔**

اگر آپ اس گرانٹ کے لئے درخواست دینے کا فیصلہ کریں، تو آپ کو چاہئے کہ اپنی نئی کرایہ داری پر دستخط کرنے کے پانچ دن کے اندر فارم کو مکمل کر کے جمع کروا دیں۔ ڈائریکٹ گورنمنٹ کی ویب سائٹ (www.direct.gov.uk) سے ایک فارم ڈاؤن لوڈ کریں اور مزید معلومات حاصل کریں۔

## سوشل فنڈ بجٹ کا قرضہ

اگرآپ کی آمدنی کم ہے اور آپ کو بعض ضروری اخراجات کے لئے مدد درکار ہے تو آپ سوشل فنڈ سے ایک بلا سود بجٹنگ لون حاصل کر سکتے ہیں، جسے آپ واپس کریں گے۔ آپ ایک بجٹنگ قرضہ حاصل کرسکتے ہیں اگرآپ یا آپ کا سا تھی مندرجہ ذیل فوائد میں سے کوئی ایک فائدہ کم از کم 26 ہفتوں تک ادائیگی حاصل کرتا رہا ہے یا اس کا دعویٰ کرتا رہا ہے:

* انکم سپورٹ؛
* انکم سے متعلقہ ایمپلائمنٹ اینڈ سپورٹ الاؤنس؛
* انکم پر مبنی جاب سیکرز الاؤنس؛ یا
* پنشن کریڈٹ

سوشل فنڈ کے قرضہ جات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے ڈائریکٹ گورنمنٹ کی ویب سائٹ (www.direct.gov.uk) ملاحظہ کریں۔

## دیگر مالی اعانت

آپ کے گھر کو آراستہ کرنے میں مدد کے لئے دوسرے فوائد دستیاب ہوسکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے جاب سنٹر پلس کو 0800 055 6688 پر فون کریں۔

آپ ایک آپریٹر سے بات کریں گے جو ایک نیا دعویٰ کرنے یا حال ہی میں ختم ہونے والے کسی دعوے کی تفصیلات کی تجدید کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔ کال کے دوران آپ سے مندرجہ ذیل معلومات بہم پہنچانے کو کہا جائے گا اس لئے انہیں پاس رکھیں:

* آپ کا نیشنل انشورنس نمبر
* آپ کے کرایے یا رہن کی تفصیلات؛
* آپ کی گزشتہ یا موجود ملازمت کی تفصیلات؛ اور
* آمدنی اور بچتوں کی دیگر تفصیلات

# فرنیچر

اپنا فرنیچرخریدتے وقت کئی باتیں ایسی ہیں جن پرآپ کو غور کرنا چاہئے۔ آپ کو سوچنا چاہئے کہ کون سی اشیاء آپ کو فوری طور پر درکار ہوں گی اور کون سا سامان ایسا ہے جس کے لئے آپ کچھ عرصہ انتظار کر سکتے ہیں۔ مثلاً، زیادہ تر لوگ ایک کُکر کو ترجیح دیتے ہیں کیونکہ باہر سے کھانا مہنگا ہوتا ہے۔ اور 'ٹیک اویز' (پکا پکایا کھانا) مناسب غذائیت کے لحاظ سے کوئی اتنے زبردست نہیں ہوتے۔ ترجیحی اشیاء کے بارے میں فیصلہ کرنا آپ کا ذاتی فعل ہے، لیکن یہ سوچنے کی کوشش کریں کہ کون سی اشیاء کے ساتھ آپ کو آرام پہنچے گا نیز آپ روز مرہ کام کاج کر سکیں گے

## برتن، دیگچے اور باورچی خانے کا سامان

آجکل 'بڑے نام والے' اسٹوروں بلکہ سُپر مارکیٹوں پر بعض بے حد ارزاں سودے ملتے ہیں۔ مثلاً، آکیا، سینسبری اور ایزدا سب کراکری، برتنوں اور دیگچوں میں 'اسٹارٹر پیک' فروخت کرتے ہیں۔ جو 10£ تک کی کم رقم سے شروع ہوتے ہیں۔

## استعمال شدہ سامان کی دکانیں

آپ اپنی رقم سے مزید فائدہ اٹھانے کا فیصلہ کرتے ہوئے اپنا کچھ سامان استعمال شدہ خرید سکتے ہیں اس لئے اپنے علاقے کی دکانوں پر تلاش کریں۔ اگرآپ کو اپنی خواہش کےمطابق کوئی چیز مل جائے تو زیادہ 'تکرار' نہ کریں۔ استعمال شدہ سامان کی زیادہ تردکانیں بہت زیادہ منافع کما کرسامان بیچتی ہیں لیکن وہ دکان میں موجود سامان کو جلد از جلد بیچ کر نیا سامان لانا چاہتی ہیں اس لئے آپ کو رعایت دینے کے لئے بھی تیا رہو سکتی ہیں۔ یہ نہ بھولیں – اگرآپ نہیں پوچھیں گے تو آپ کو کچھ نہیں ملے گا!

اگرآپ استعمال شدہ برقی سامان خریدنے پرغورکر رہے ہیں تو ہم آپ کو سختی سے مشورہ دیتے ہیں کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اس آلے کا پورٹیبل اپلائنس ٹیسٹ ہوچکا ہےجو یہ یقینی بنانے کے لئے انجام دیا جاتا ہے کہ استعمال شدہ آلہ صارف کے استعمال کے لئے زیادہ سے زیاہ محفوظ ہو۔ جانچ شدہ آلے پر واضح طور پر دکھائی دینے

والا ایک لیبل لگا ہوگا جو یہ ظاہر کرے گا کہ سامان کا معائنہ ہو چکا ہے۔ اس سامان کے بارے میں بات کرتے ہوئے ہم تلقین کرتے ہیں کہ اگر آپ کو کوئی شبہات ہوں توان کو نہ خریدیں۔

## فرنیچر پروجیکٹ

لندن میں متعدد فرنیچر پروجیکٹ موجود ہیں جہاں سے آپ استعمال شدہ فرنیچر خرید سکتے ہیں۔ فرنیچر پروجیکٹ استعمال کرنے کا فائدہ یہ ہے کہ وہ انہیں کم آمدنی والے لوگوں کے لئے تھوڑی، رعایتی قیمتوں پر فراہم کرتے ہیں۔ تمام اشیاء استعمال شدہ ہوتی ہیں اور ان کی قیمتیں کسی شخص کے انفرادی حالات کےمطابق ہوتی ہیں۔ تمام گھریلو آلات جانچ شدہ ہوتے ہیں اور فروخت ہونے سے پہلے صحت اور سلامتی کے سرٹیفیکیٹ کے حامل ہوتے ہیں۔

### فرنیچر پروجیکٹ کیسے کام کرتا ہے

* پروجیکٹ عطیہ شدہ فرنیچراورگیس اور بجلی کے گھریلو آلات کو ری سائیکل کر کے دوبارہ تقسیم کرتے ہیں۔
* زیادہ تر کسی رجسٹرڈ ایجنسی سے حوالہ مانگتے ہیں – آپ خود اپنے بارے میں حوالہ نہیں دے سکتے۔
* آپ کا حوالہ ایویس ری سیٹلمنٹ سروسز، سوشل سروسز، کیبز یا آپ کی ہاؤسنگ ایسوسی ایشن دے سکتی ہے۔
* چند لوگوں سے ایک درخواست فارم پُر کرنا درکار ہوتا ہے۔
* آپ کو جا کر فرنیچر دیکھنے کے لئے ایک ملاقات طے کرنی پڑتی ہے۔
* فراہمی کے لئے واجبات لئے جا سکتے ہیں۔

فرنیچر پروجیکٹس کی فہرست کے لئے ضمیمہ سی دیکھیں۔

## انٹر نیٹ

فری سائیکل انٹر نیٹ کی ایک سائٹ ہے جہاں لوگ اس سامان کے بارے میں اشتہار دیتے ہیں جو وہ دے دینا چاہتے ہیں یا اس سامان کے بارے میں پوچھتے ہیں جو وہ لوگوں سے بلا قیمت لینا چاہتے ہیں۔ فری سائیکل پرمشتہراشیاء کا سلسلہ بیڈوں (پلنگوں) اور صوفوں سے لے کر کیک اور اسپینروں (نٹ کسنے کا آلہ) سے کپڑوں اور ڈی وی ڈیز تک پھیلا ہوتا ہے . . . بنیادی طور پر کوئی بھی چیز اور ہر چیز جو آپ کو درکار ہو، آپ کو مل سکتی ہے۔ یہ سائٹ جغرافیائی مقامات میں منقسم ہے اس لئے آپ کو اپنے قریب والی جگہوں پر موجود اشیاء تلاش کرنے کے قابل ہونا چاہئے۔ بڑی اشیاء کی صورت میں، ہو سکتا ہے کہ آپ کو نقل وحمل کے اخراجات کی ادائیگی کرنا پڑے۔

www.freecycle.org/group/UK/London

### تنبیہی الفاظ

جب آپ اپنے گھر کو آراستہ کرنا شروع کریں، تو ہو سکتا ہے آپ کا سامنا ایسے اسٹوروں سے ہو جو 'اب خریدیں، ادائیگی بعد میں کریں' کی اسکیموں یا قرضوں کی پیش کش کریں۔ یہ سودے پر کشش محسوس ہو سکتے ہیں کیونکہ وہ آپ کو موقع دیتے ہیں کہ آپ ہر وہ چیز خرید لیں جو آپ چاہتے ہیں اور قیمت ماہ بماہ ادا کریں۔ لیکن آپ کو بہت زیادہ احتیاط کرنے کی ضرورت ہے۔ قرضے / ادھار کے یہ معاہدے کرنے والوں میں سے کئی (سب نہیں) سود کی بھاری رقوم لیتے ہیں اورہو سکتا ہے آخر میں آپ کو اپنے سامان کی بے پناہ قیمت ادا کرنی پڑے۔ یہ معلوم بات ہے کہ بعض اسٹور 1000% سود لگاتے ہیں، اس لئے ہو سکتا ہے کہ پانچ سال بعد آپ کو پتہ چلے کہ آپ ابھی تک اس صوفے کی قیمت ادا کر رہے ہیں جسے آپ نے مدتوں پہلے خراب ہونے کی وجہ سے پھینک دیا تھا۔ ایسی اسکیموں کے لئے دستخط کرنے سے پہلے چیک کریں۔

نرم گدوں والے فرنیچر جیسے بیڈ اور کاؤچ آگ سے حفاظت کے سرٹیفکیٹ کے حامل ہونے چاہئیں؛ ان کے بغیرانہیں مت خریدیں۔

لُوٹ (Loot) کے پاس یوکے میں قابل فروخت سامان ہوتا ہے اور وہ کبھی کبھار ارزاں سودے بھی پیش کرتے ہیں۔
www.loot.com

Gumtree ایک اورویب سائٹ ہے جس پر لوگ سامان کو ارزاں قیمت پر فروخت کرنے کے لئے یا اگر وہ اس سے جلدی نجات حاصل کرنا چاہتے ہوں تو مفت فراہمی کی پیشکش کرتے ہیں۔ www.gumtree.com/london


NEW
CONTENTS
LOUNGE
DINING ROOM
STUDY
KITCHEN

# 2

# آغاز ہی سے اس کو درست بنانا ۔۔۔۔ کرایہ اور بل

# کرایہ

یہ ضروری ہے کہ معاہدہ کے مطابق کرایہ ادا کیا جائے کیونکہ آپ کی کرایہ داری آپ اور آپ کے مالک مکان کے درمیان ایک قانونی طور پر قابل پابندی معاہدہ ہے۔

جب آپ پہلی مرتبہ اپنی جائداد میں منتقل ہوں تو یہ بات مددگار ہوگی اگر آپ اپنا کرایہ ادا کرنے کا ایک معمول بنا لیں اور پھر اس کی پابندی کریں۔ ہم جانتے ہیں کہ بعض اوقات لوگوں کی آمدنی محدود ہوتی ہے اور بعض اوقات لوگوں کو مشکل فیصلے کرنے پڑتے ہیں۔ مثلاً، ہو سکتا ہے آپ کی بیٹی کی برتھ ڈے قریب آ رہی ہو اور آپ کے پاس اس کو سُروں والے شاندار رولر اسکیٹس، جن پر اس کا دل اٹکا ہوا ہے، خرید کر دینے اور کرایہ بھی ادا کرنے کے لئے رقم کافی نہ ہو۔

## کرایہ ادا کریں!

ہم یہ اس لئے نہیں کہتے کہ ہمیں آپ کی بیٹی کی کوئی پروا نہیں، لیکن چونکہ ہم جانتے ہیں کہ آپ کے پرس سے مطالبے ہمیشہ ہوتے رہیں گے اور اگر آپ نے کرایے سے ایک مرتبہ فرار حاصل کر لیا تو دوبارہ، سہ بارہ اور بار بار ایسا کرنے سے باز رہنے کے لئے آپ کو بہت مشکل درپیش ہوگی۔ اور آپ کے کرایے کے بقایا جات آپ کے قابو سے باہر ہو جائیں گے اور دوبارہ اپنی راہ پر آنا مشکل محسوس ہو سکتا ہے اور آپ خود کو دباؤ میں پائیں گے، مالک مکان کے پاس سے خطوط آنا شروع ہو جائیں گے اور آپ کا گھر ایک محفوظ مقام، جیسا کہ اسے ہونا چاہئے، نہیں رہے گا اور مسئلے کا ایک حصہ بن جائے گا۔

براہ مہربانی ہماری بات پر یقین کریں کہ یہ کام آپ پر پڑنے والے دباؤ اور ناخوشی سے بہتر نہیں ہے؛ ہمارا مشورہ مانیں اور منتقلی کے بعد پہلے ہفتے سے ایک معمول بنا لیں اور اپنا کرایہ بر وقت ادا کریں۔.

## اگر آپ کو کرایہ ادا کرنے میں دقت ہوتی ہے اور بقایا جات میں پھنس جائیں تو کیا کرنا ہے

اچھا، آپ نے ہمیں نظر انداز کر کے اسکیٹس خرید لئے ۔ ۔ ۔ فکر نہ کریں ہم اس بات کو ذاتی طور پر نہیں لیں گے۔ آئیے کوشش کرکے اس کا کوئی حل نکالیں۔

## گر 1

یہ ضروری ہے کہ آپ خوفزدہ نہ ہوں یا یہ ظاہرنہ کریں کہ ایسا نہیں ہو رہا ہے۔ آپ ان بقایا جات میں پھنسنے والے پہلے شخص نہیں ہیں اور ہم اس بات کی ضمانت دیتے ہیں کہ آپ آخری نہیں ہوں گے۔ جو بات واقعی اہم ہے وہ یہ ہے کہ مسئلے کا حل نکالا جائے اور پہلے والی جگہ پر واپس پہنچا جائے۔

## گر 2

جلد ازجلد اپنے مالک مکان سے رابطہ کرکے اسے مطلع کریں کہ آپ کو کرایہ ادا کرنے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔ اس سے ضرور رابطہ کریں چاہے آپ کے بقایا جات پہلے ہی جمع ہوچکے ہوں۔ مالکان مکان عموماً بلائیں نہیں ہوتیں اور انہیں دلچسپی ہوتی ہے کہ آپ کا کرایہ ادا کرنے میں مدد کرنے کے لئے وہ آپ کے ساتھ مل کر کام کریں کیونکہ اس طرح انہیں ان کی رقم واپس مل جاتی ہے، چاہے متوقع وقت کی نسبت قدرے تاخیر سے سہی۔ وہ آپ کے لئے حقیقت پسندانہ ادائیگیوں کا منصوبہ بنانے میں مدد کرتے ہیں، اس لئے ان سے رابطہ کرنے سے نہ ڈریں۔

## گر 3

اگر آپ کی آمدنی کم ہے اورآپ کو مکمل کرایہ یا اس کا کوئی حصہ ادا کرنے کے لئے مالی مدد درکار ہے، تو آپ رہائشی فائدہ حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ مزید معلومات حاصل کریں بشمول اس کے کہ کون کون اہل ہے اور www.direct.gov.uk پر کیسے دعویٰ کیا جائے۔

## گر 4

کرائے کے کئی بقایا جات رہائشی فائدے کی ادائیگی میں تاخیر کی بنا پر پیدا ہوتے ہیں۔ زیادہ تر صاحبان جائداد اس نظام کو سمجھتے ہیں اوراس کو دیر سے ادائیگی کی وجہ کے طور پر قبول کرتے ہیں لیکن آپ کو چاہئے کہ انہیں مطلع کئے رکھیں۔ اگرکرایہ کی ایدائیگی کا ایک جزوآپ کے ذمے ہوتو یہ یقینی بنائیں کہ آپ اپنا حصہ بر وقت ادا کردیں۔

## گر 5

مدد کے لئے کہنے سے بہت زیادہ نہ ڈریں۔ آپ کے علاقے میں کئی ایجنسیاں کام کر رہی

ہوں گی جو آپ کو درپیش مسائل کی صورت میں آپ کی طرف سے آپ کے مالک مکان اور فائدے کی ایجنسیوں کے ساتھ خوشی سے رابطہ کریں گی۔

### تنبیہی الفاظ

اگرآپ کرایے کی ادائیگی کی بنا پر بے دخل کر دئیے گئے ہوں تو کونسل یا بارو آپ کو ایک ایسے شخص کے طور پردیکھے گی جس نے ”خود کو قصداً بے گھربنایا ہو“ اور ہو سکتا ہے وہ آپ کو دوبارہ رہائش دینے کی ذمہ داری نہ لے۔ آپ کو یہ دھیان بھی رکھنا چاہئے کہ یہ قرض بے دخلی کے ساتھ ختم نہیں ہو جاتا۔ اس لئے اس کا آپ کے ادھار کی ساکھ پر ایک دیرپا اثر ہو سکتا ہے۔

## اپنا کرایہ ادا کرنے کے طریقے

زیادہ ترمالکان مکان کے ہاں اپنے کرایے داروں کے لئے کرایے کی ادائیگی کے مختلف طریقے ہیں:

* ڈائریکٹ ڈیبٹ یا اسٹینڈنگ آرڈر – کرایہ ادا کرنے کا یہ سب سے با سہولت طریقہ ہے کیونکہ یہ ہر ماہ آپ کے بینک سے لے لیا جاتا ہے اور آپ کو قرض میں مبتلا ہونے سے بچاتا ہے۔ اس میں یہ خامی ہے کہ کرایہ لئے جانے کے وقت اگر آپ کے اکاؤنٹ میں کافی رقم نہ ہوئی تو آپ کا بینک آپ کو بھاری جرمانہ کرسکتا ہے۔
* ٹیلیفون – زیادہ ترمالکان مکان فون پرایک ڈیبٹ یا کریڈٹ کارڈ کے استعمال سے کرایہ کی ادائیگی کا انتخاب پیش کرتے ہیں۔
* انٹر نیٹ – اگر آپ کے گھر میں ایک کمپیوٹر موجود ہے اورآپ کوانٹر نیٹ تک رسائی حاصل ہے تو یہ ادائیگی کا ایک با سہولت طریقہ ہوسکتا ہے۔ آپ اپنی سہولت کے مطابق کسی وقت بھی ادائیگی کرسکتے ہیں، بشمول دفتری اوقات کےعلاوہ بھی (تاوقتیکہ آپ بروقت ادائیگی کریں)۔ اپنے ہاؤسنگ افسر سے چیک کریں آیا آپ کے مالک مکان کی طرف سے یہ سہولت دستیاب ہے کہ نہیں۔
* رینٹ کارڈ – رینٹ کارڈوں کے ذریعے آپ کسی دکان، جہاں پے پوائنٹ موجود ہو، پر کرایہ ادا کر سکتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ انجام دی گئی تمام ادائیگیوں کی رسیدیں پاس رکھی جائیں کیونکہ یہ آپ کے کرائے کی ادائیگی کا ثبوت ہوتی ہیں۔


2ndF
hyp
sin
cos
DRG
Exp
ln
log
RCL
STO
RANDOM
M+
7
8
9
4
5
6
1
2
3
0
+/-
=

# کونسل ٹیکس

اگرآپ نے کوئی جائیداد کرایہ پر لے رکھی ہے تو کونسل ٹیکس بل کی ادائیگی آپ کی ذمہ داری ہو گی۔ کونسل ٹیکس کے حصول سے لوکل سروسز مثلاً پولیس اور کوڑا اٹھانے کی خدمات کے لیے ادائیگی میں مدد ملتی ہے۔ کونسل ٹیکس کا ہر قسم کی رہائشی جائیداد بشمول مکانات، بنگلے، فلیٹ، میزونیس اینڈ موبائل ہومز پر اطلاق ہوتا ہے اس بات سے قطع نظر کہ وہ کرایہ پر حاصل کیے گئے ہوں یا ذاتی ہوں۔

زیادہ تر لوکل اتھارٹیز بارو کے رہائشیوں سے کونسل ٹیکس بذریعہ ڈائریکٹ ڈیبٹ یا سٹینڈنگ آرڈر ماہانہ بنیادوں پر خوشی سے قبول کرتی ہیں۔ تاہم، بقایاجات رہ جانے کی صورت میں وہ آپ سے تمام واجب الادا رقم کی یکمشت ادائیگی کے لیے اصرار کر سکتی ہیں۔

آپ کے کونسل ٹیکس کی شرح کا انحصار آپ کی جائے رہائش پر ہے۔

## کونسل ٹیکس میں چھوٹ

اکیلے شخص کوچھوٹ: اگرآپ اکیلے ہیں (یعنی اکیلے رہ رہے ہیں) اورکام کرتے ہیں تو، آپ کو کونسل ٹیکس پر 25 فیصد چھوٹ حاصل ہے۔

کونسل ٹیکس بینیفٹ: اگرآپ بینیفٹس پر ہیں تو آپ کونسل ٹیکس بینفٹ کے بھی حقدار ہیں۔ یہ فارم آپ کے ہاؤسنگ بینیفٹ فارم کے ساتھ مکمل کیا جانا چاہیے۔

اپنا اکاؤنٹ سیٹ کرنے اور یہ جاننے کے لیے کہ آپ کو کتنی ادائیگی (تفصیلات ضمیمہ سی میں) کرنی پڑے گی کے بارے میں تفصیلات اپنی لوکل کونسل کی ویب سائیٹ ملاحظہ فرمائیں۔

# گیس اور بجلی

## گیس کا اخراج

اگرآپ کو گیس کی بدبو محسوس ہو یا آپ کے خیال میں کسی جگہ سے گیس لیک ہو رہی ہے تو ایسی صورت میں نیشنل گرڈ گیس ایمرجنسیز لائن سے فوری رابطہ کریں۔ ان کا فون نمبر مفت ہے اس لیے بلا جھجک نمبر ڈائل کریں

اس بات کو یقینی بنائیں کہ گیس کے تمام آلات بند ہوں اور اگر ممکن ہو تو گیس کو مرکزی جگہ سے بند کر دیا جائے۔

اس کے بعد گیس کے اخراج کے لیے تمام کھڑکیاں اور دروازے کھول دیں۔.

### مت کریں

بتیوں کو جلانا بجھانا؛

* بجلی کے دوسرے سوئچوں یا آلات کا استعمال؛
* سگریٹ نوشی؛ یا
* ماچس یا کوئی دوسرا شعلہ جلانا،

کیونکہ ان کی وجہ سے دھماکہ ہو سکتا ہے

### تنبیہی الفاظ

اپنے طور پر مسئلہ کا حل تلاش کرنے، خراب آلات کو ٹھیک کرنے یا گیس لیکج بند کرنے کی ہرگز کوشش نہ کریں۔.

نیشنل گرڈ گیس ایمرجنسیز (سابقہ ٹرانسکو گیس) کو ان کے 24 گھنٹے مفت فون نمبر 0800 111 999 پر کال کریں

• مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: www.gas-guide.org.uk/emergencies.html

## سپلائرز

آپ کو اس بات کا پتہ لگانے کی ضرورت ہے کہ آپ کی پراپرٹی میں گیس اور بجلی کی سپلائی کون فراہم کر رہا ہے تاکہ آپ اپنا اکاؤنٹ سیٹ اپ کر سکیں۔ اس کے لیے پہلے اپنے مالک مکان یا ہاؤسنگ آفیسر سے معلومات حاصل کریں۔ اگر انہیں بھی معلوم نہ ہو تو درج ذیل ادارے آپ کو آپ کی پراپرٹی کے اندر گیس اور بجلی سپلائی کرنے والی کمپنی کے بارے میں معلومات فراہم کرسکتے ہیں:

* ٹرانسکو میٹر ہیلپ لائن ــ 0870 608 1524 (برائے گیس)
* ای ڈی ایف انرجی نیٹ ورک میٹر پوائنٹ ایڈمنسٹریشن سروس ــ 0800 096 9000(برائے بجلی)
* www.gas-guide.org.uk/emergencies.html

## میٹرریڈنگ

کرایہ پرلی جانے والے پراپرٹی کے بجلی اور گیس کے میٹروں کی پہلے دن ہی ریڈنگ نوٹ کرلیں تاکہ آپ کو صرف اپنا بل ہی ادا کونا پڑے نہ کہ پچھلے کرایہ دارکا بھی۔
گیس اوربجلی فراہم کرنے والی کمپنیاں ہر6 ماہ بعد ریڈنگ لینے کے لیے آئیں گی۔
درست بل بھیجنے کے لیے سپلائر کمپنی کے پاس حالیہ ترین ریڈنگ کا ہونا ضروری ہے ورنہ وہ آپ کو ایک تخمینہ شدہ بل بھیجیں گے اور آپ کو پہلے سے بقایا رقم بھی ادا کرنی پڑ سکتی ہے۔
براہ کرم سپلائرکمپنی کے نمائندوں کو اپنے گھروں میں آنے کی اجازت دیتے وقت ہمیشہ اپنی حفاظت کا خیال رکھیں۔ اگرآپ ان کی آمد کے بارے میں آگاہ نہیں ہیں توانہیں اندر آنے کی اجازت دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ انہیں باہر انتظار کرنے کو کہیں اور اس دوران کمپنی کو فون کر کے ان کے اصل ہونے کی تصدیق کریں۔ ہمیشہ اس بات کی یقین دہانی کریں کہ اندر آنے کی اجازت ملنے سے پہلے انہوں نے آپ کو اپنی شناخت دکھائی ہے۔

## درست سپلائر کی تلاش

آپ کو اپنا سپلائر تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں؛ آپ اپنے موجودہ سپلائر کے پاس اپنا اکاؤنٹ سیٹ اپ کر سکتے ہیں۔ تاہم کئی مختلف سپلائر کمپنیوں کی موجودگی میں ہو سکتا ہے کہ آپ کو ایسا لگے کہ آپ کا موجودہ سپلائر سستا ترین نہیں ہے۔ مگر یاد رکھیں کہ کئی سپلائر کمپنیاں گیس او بجلی اکٹھا (جسے ڈوئل فیول" اکاؤنٹ کہا جاتا

ہے) فراہم کرنے پر آپ کو مزید چھوٹ دے سکتی ہیں۔ گیس اور بجلی فراہم کرنے والی چیدہ چیدہ کمپنیوں میں شامل ہیں:

* برٹش گیس -- www.britishgas.co.uk
* ای آن انرجی -- www.eon-uk.com
* ای ڈی ایف انرجی -- www.edfenergy.com
* این پاور -- www.npower.com

اگر آپ تلاش کریں تو، ہو سکتا ہے کہ آپ کو کوئی سستا سپلائر بھی مل جائے۔ بہترین ڈیل حاصل کرنے کے لیے درج ذیل ویب سائیٹس ملاحظہ فرمائیں:

* www.moneysupermarket.com
* www.uswitch.com
* www.ukpower.co.uk
* www.confused.com
* www.energychoices.co.uk

یاد رکھیں کہ موجودہ سپلائر کو چھوڑتے وقت اسے مطلع کرنا ضروری ہے۔ سپلائر کی تبدیلی کے وقت پرانے سپلائر کو میٹر ریڈنگ فراہم کریں اوراس کے تمام بقایاجات بھی ادا کریں۔

## توانائی کے سپلائر کو کیسے تبدیل کیا جائے

مندرجہ بالا سپلائرز کو کال کریں اوران کے ٹیرفس لیں۔ جب آپ اپنے نئے سپلائر کے بارے میں فیصلہ کر لیں تو، کال کر کے ان کی خدمات حاصل کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں پوچھیں۔

اگر آپ کو اپنے حقوق یا دستیاب آپشنز کے بارے میں مزید معلومات درکار ہوں تو، آپ کنزیومر ڈائریکٹ سے
0845 404 0506 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا ملاحظہ کریں ویب سائیٹ:
www.consumerdirect.gov.uk

# گیس میٹر

گھروں کے اندر دو طرح کے میٹرعام طور پراستعمال ہوتے ہیں۔

## کریڈٹ میٹر

زیادہ ترصارفین کے پاس کریڈٹ میٹر ہوتا ہے جو گیس کی اس مقدار کا ریکارڈ رکھتا ہے جو آپ استعمال کرتے ہیں۔ کریڈٹ میٹر کا بل آپ کو ہر 3 ماہ بعد وصول ہوگا اور ہر 6 ماہ بعد کوئی آپ کے میٹر کی ریڈنگ لینے کے لیے آئے گا۔ ریڈنگ نہ ہونے کی صورت میں ایک تخمینہ شدہ بل بھیجا جائے گا۔ ایسی صورت میں درست بل حاصل کرنے کے لیے آپ کال کرکے اصل ریڈنگ لکھوا سکتے ہیں۔

میٹرریڈنگ لکھواتے وقت آپ کو ایم پی آر این (گیس میٹر پوائنٹ ریفرنس نمبر) کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔ یہ ایک منفرد قسم کا 10 ہندسوں والا نمبر ہوتا ہے جو آپ کو اپنے گیس بل پر مل سکتا ہے۔ بعض اوقات اسے
'ایم نمبر' بھی کہا جاتا ہے۔




شکل نمبر 1: گیس کریڈٹ میٹر

## پری پیمنٹ میٹر

اس طرح کے میٹر کی صورت میں آپ اپنی گیس کی ادائیگی استعمال سے پہلے کرتے ہیں۔ ٹوکن، چابی اور کائن میٹروں کی جگہ کائن لیس پے منٹ – یا 'سمارٹ کارڈ' – میٹروں نے لے لی ہے۔ آپ اپنے کارڈ کو کسی بھی رقم سے چارج کرتے ہیں اور میٹر استعمال شدہ گیس کے مطابق اس میں موجود کریڈٹ استعمال کرتا رہتا ہے۔ آپ اپنا کارڈ یا چابی کہاں سے چارج کروا سکتے ہیں، اس بارے میں آپ کو آپ کا سپلائر بتا سکتا ہے۔




**شکل نمبر 2: گیس پری پیمنٹ میٹر**

# بجلی کے میٹر

بجلی کے میٹروں کی دو مختلف اقسام ہوتی ہیں – کریڈٹ اور پیمنٹ (گیس کے میٹروں کی طرح)۔

## کریڈٹ میٹر




زیادہ ترصارفین کے پاس کریڈٹ میٹرموجود ہوتا ہے جو بجلی کی اس مقدار کا ریکارڈ رکھتا ہے جو آپ استعمال کرتے ہیں۔ کریڈٹ میٹر کا بل آپ کو ہر 3 ماہ بعد وصول ہوگا اور ہر 6 ماہ بعد کوئی آپ کے میٹر کی ریڈنگ لینے کے لیے آئے گا۔ ریڈنگ نہ ہونے کی صورت میں ایک تخمینہ شدہ بل بھیجا جائے گا۔ ایسی صورت میں درست بل حاصل کرنے کے لیے آپ متعلقہ کمپنی کو کال کر کے اصل ریڈنگ لکھوا سکتے ہیں۔

## پری پیمنٹ میٹر

پری پیمنٹ میٹر کے ساتھ آپ پیشگی ادائیگی کرتے ہیں اوررقم ختم ہوتے ہی آپ کی بجلی بند ہو جاتی ہے۔ یہ نظام موبائل فون کے ’پے ایزیوگو‘ کی طرح کام کرتا ہے۔ پری پیمنٹ میٹر میں عام طور پر ٹوکن یا کارڈ چلتے ہیں جو خریدے بھی جا سکتے ہیں اوران میں رقم بھی ڈلوائی جا سکتی ہے۔



# میٹر کی ریڈنگ لینا

اگرآپ دیکھتے ہیں کہ آپ کو بجلی یا گیس کے تخمینہ شدہ بل بھیجے گئے ہیں تو، اپنے سپلائر کو کال کریں اور ان سے آ کوریڈنگ لینے کا وقت مقررکروائیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ بجلی یا گیس کا صرف وہی بل ادا کریں جو آپ نے استعمال کی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ واجب الادا سے تھوڑا بل ادا کر رہے ہوں جس کا مطلب ہے کہ آپ پربل بقیہ ہو رہا ہے۔ جب سپلائرکمپنی کے نمائندے ریڈنگ لینے کے لیے آئیں تو ان سے ریڈنگ لینے کا طریقہ پوچھیں تاکہ آپ ان کو باقاعدگی سے درست ریڈنگ مہیا کرسکیں۔ اس کےعلاوہ، اس بارے میں ہدایات کے لیے آپ اپنے سپلائرکی ویب سائیٹ بھی ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

# پانی

ہرکسی کو اپنے پانی کا بل ادا کرنا پڑتا ہے۔ آپ کے گھر میں صاف پانی کی محفوظ فراہمی اور پانی کو صاف کرنے پر اٹھنے والے اخراجات کے لیے آپ کو ادائیگی کرنی پڑتی ہے۔ بجلی اور گیس کی کمپنیوں کے نظام کے برعکس پانی کا سپلائر منتخب کرنے کا اختیار آپ کے پاس نہیں ہوتا۔ 'تھیمز واٹر' لندن میں پانی کی سپلائی کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے ان کی ویب سائیٹ ملاحظہ فرمائیں: www.thameswater.co.uk

## میٹر

تمام گھروں کے اندر پانی کے میٹر نصب نہیں ہیں۔ اپنے ہاؤسنگ آفیسر سے اپنے پانی کے میٹر کے بارے میں پوچھیں کہ اگریہ لگا ہوا ہے تو کہاں پر ہے۔ پانی کا میٹر آپ کے گھر کے اندر بھی ہو سکتا ہے اور باہر بھی۔ گھر کے اندر لگائے جانے والے میٹر عام طور پر سنک کے نیچے جبکہ باہر لگائے جانے والے میٹر سٹاپ والو (اپنے گھر کے راستے، باغیچہ یا نزدیکی فٹ پاتھ کے قریب چھوٹا سا دھاتی یا پلاسٹک کا کور تلاش کریں) پرلگائے جاتے ہیں۔

## مجھے اپنے میٹر تک رسائی کیسے حاصل ہو سکتی ہے؟

گھرسے باہر لگائے جانے والے میٹرعام طور پرایک چھوٹے سے دھاتی یا پلاسٹک کے کوّر میں لگے ہوتے ہیں۔ اس کو کھولنے کے لیے آپ کو ایک عدد پیچ کس کی ضرورت پڑے گی۔ کوّر کے نیچے آپ کو فوم یا پولیسٹرین ڈسک نظر آئے گی۔ یہ چیز آپ کے میٹر کو کہر سے بچاتی ہے، اس لیے اس بات کا دھیان رہے کہ آپ نے اسے واپس بھی لگانا ہے!

## میں اپنے واٹرمیٹر کی ریڈنگ کیسے لوں؟

پانی کے میٹروں میں کالے اورلال رنگ کے نمبروں کا سلسلہ موجود ہوتا ہے۔ صرف کالے رنگ کے نمبروں کو بائیں سے دائیں طرف پڑھیں۔
میٹرریڈنگ سپلائرکو آزادانہ طور پر لینی چاہیے۔ تاہم، یہ ہمیشہ ممکن نہیں ہو سکتا؛ اپنا بل چیک کریں کہ آیا آپ کی میٹر کی ریڈنگ تخمینہ شدہ تو نہیں ہے اور جلدازجلد درست ریڈنگ کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ تازہ ترین میٹرریڈنگ پرنظررکھنا ہمیشہ فائدہ مند رہتا ہے تاکہ آپ کو نقصان نہ ہو۔

# میں میٹرریڈنگ کیسے پہنچاؤں؟

## آن لائن

بذریعہ انٹرنیٹ ریڈنگ پہنچانے کے لیے ملاحظہ کیجئے: www.thameswater.co.uk

## بذریعہ فون

ریڈنگ پہنچانے کے لیے 24 گھنٹے خودکار سروس کے لیے 0845 9200 888 ملائیں یا کسٹمر سنٹر میں کسٹمر سروس ایڈوائزر سے بات کرنے کے لیے 0845 9200 800 (دوران ہفتہ صبح 8 سے شام 8 بجے تک اور بروز ہفتہ صبح 8 سے دن 1 بجے) پر کال کریں۔

## بذریعہ ڈاک

اگرآپ اپنی میٹر ریڈنگ بذریعہ فون یا انٹرنیٹ بھجوانے سے قاصر ہیں تو 'تھیمز واٹر' کو درج ذیل پتہ پر بذریعہ ڈاک بھجوا دیں:

Thames Water, PO Box 436, Swindon SN38 1TU.

# ٹی وی لائسنس

اگرآپ ٹیلی ویژن کے پروگرام دیکھتے یا انہیں ریکارڈ کرتے ہیں تو قانونی طور پرآپ پر لازم ہے کہ آپ ٹی وی لائسنس فیس ادا کریں۔ اگرآپ مصدقہ طور پر نابینا ہیں یا آپ کی نظر شدید متاثر شدہ ہے تو، آپ کو ٹی وی لائسنس فیس میں 50 فیصد چھوٹ مل سکتی ہے۔
اگرآپ کی عمر 75 سال ہو جائے تو پھربھی آپ کو لائسنس رکھنا پڑے گا مگر یہ مفت ہو گا۔
مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: www.tvlicensing.co.uk یا درج ذیل پتہ پر لکھیں:
کسٹمرسروسز ٹی وی لائسنسنگ، برسٹل BS98 1TL

## میں لائسنس کی فیس کیسے ادا کروں؟

### ڈائریکٹ ڈیبٹ

اس طریقہ سے ادائیگی کی صورت میں آپ کو سالانہ فیس ماہوار بنیادوں پرادا کرنے کی سہولت میسرآ سکتی ہے۔ یہ ادائیگی کا آسان ترین طریقہ ہے اور آپ کے لائسنس کی ہرسال خود بخود تجدید ہو جائے گی۔

### ڈیبٹ یا کریڈٹ کارڈ

آپ محفوظ طریقہ سے بذریعہ آن لائن، بذریعہ فون یا کسی بھی پے پوائنٹ آؤٹ لٹ سے ادائیگی کر سکتے ہیں۔ 0844 800 6790 پر کال کریں یا www.tvlicensing.co.uk ملاحظہ کریں

### ٹی وی لائسنس سیونگز کارڈ

یہ طریقہ ان لوگوں کے لیے ہے جن کے پاس پہلے سے ٹی وی لائسنس موجود ہے اوروہ ایک آسان طریقہ سے اگلے سال کی فیس کے لیے بچت کرنا چاہتے ہیں۔ آپ جب بھی چاہیں بچت جمع کروا سکتے ہیں جس کی کم از کم ادائیگی 2£ ہونی چاہیے۔ اس کارڈ کے لیے مفت درخواست دی جا سکتی ہے اور اس کے استعمال پر کوئی بھی فیس نہیں وصول کی جاتی۔ آپ کسی بھی وقت آن لائن طریقہ، بذریعہ فون، بذریعہ ٹیکسٹ یا کسی

بھی پے پوائنٹ آؤٹ لٹ سے ادائیگی کر سکتے ہیں۔ کارڈ حاصل کرنے کے لیے 0300 555 0281 پر کال کریں۔

## کیش پیمنٹ پلان

اگرآپ اپنے لائسنس کی فیس پورے سال کے دوران اقساط میں ادا کرنا چاہتے ہیں لیکن ڈائریکٹ ڈیبٹ سیٹ نہیں کرنا چاہتے تو، آپ کیش پیمنٹ پلان سے مستفیدہوسکتے ہیں جس کے ذریعے آپ اپنی سہولت کے مطابق قسط کی رقم ادا کرسکتے ہیں جس کی مقداراتنی کم یعنی 5.50 £ فی ہفتہ ہے۔ جب آپ اس پیمنٹ پلان کا انتخاب کرتے ہیں تو، آپ کو ایک پیمنٹ کارڈ بھیجا جاتا ہے جس پرلائسنس کی اقساط کی رقم اور تاریخیں درج ہوتی ہیں۔

اگر آپ ہفتہ وار بنیادوں پر ادائیگی کرتے ہیں تو، آپ اپنے پہلے لائسنس کی فیس 26 ہفتہ وار قسطوں کے ذریعے 6 مہینوں میں ادا کریں گے۔ اس کے بعد اگر آپ چاہیں تو دو ہفتوں کی بنیاد پر بھی ادائیگی کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ماہانہ بنیادوں پرادائیگی کا انتخاب کرتے ہیں تو، آپ اپنے پہلے ٹی وی لائسنس کے لیے 6 مہینوں میں ادائیگی کریں گے۔ اس کے بعد آپ اپنے اگلے لائسنس کے لیے 12 مہینوں میں بھی ادائیگی کر سکتے ہیں۔ اس سے آپ کی قسط کی رقم کم ہو جائے گی۔





# 3

# تحفظ و حفاظت

## (سیفٹی اینڈ سیکورٹی)

جب آپ کو اپنا نیا گھر مل جاتا ہے اور آپ اسے سجا بھی لیتے ہیں تو آپ کو اس بات کی یقین دہانی کرنی چاہیے کہ یہ محفوظ بھی ہو۔ جس کی وجہ سے نہ صرف آپ کا اور آپ کی املاک کا تحفظ ہو گا اور نقصان اور چوری کا اندیشہ نہیں ہو گا بلکہ اس سے آپ کو سکون ملے گا اور آپ کو صحیح معنوں میں 'گھر جیسا' احساس ہو گا۔

# گھریلو سامان کی انشورنس

گھریلو سامان کی انشورنس کی اسکیموں کوآپ کی گھریلو املاک کے تحفظ کے لیے ترتیب دیا جاتا ہے۔ یوں تو تحفظ کے مختلف درجات ہیں مگرنہایت بنیادی درجہ میں آپ کے گھر سے چوری کے خلاف آپ کو تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ اگرآپ تھوڑی سی زیادہ قسط ادا کریں تو، آپ کو ہرطرح کے حادثاتی نقصان کے خلاف تحفظ حاصل ہو جاتا ہے۔ گھریلو سامان کی انشورنس اس وقت مناسب ہے جب آپ کے گھر میں کوئی قیمتی اشیاء مثلا ٹی وی یا کمپیوٹر وغیرہ موجود ہوں۔


تحفظ حاصل کرنے کے لیے مختلف کمپنیوں کی اسکیموں کا جائزہ لینا یقینا بہتر ہو گا کیونکہ مختلف کمپنیاں مختلف قیمتوں پرمختلف درجات کے تحفظ فراہم کرنے کی پیشکش کرتی ہیں۔ بس اس بات کا دھیان رہے کہ کوئی بھی پالیسی خریدنے سے پہلے آپ اسے غور سے پڑھیں خاص کر اس بارے میں کہ آپ نے کتنی اضافی رقم جمع کروانی ہو گی (اضافی رقم وہ ہوتی ہے جوانشورنس کمپنی کسی بھی کلیم کی ادائیگی سے پہلے آپ سے طلب کرتی ہے۔ اس کی مقدار عام طور پر £50 سے £300 تک ہوتی ہے) اور یہ کہ انشورنس میں آپ کو کن کن حالات مثلا چوری، آگ ، سیلاب وغیرہ میں تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔

زیادہ ترانشورنس کمپنیاں آپ کو مختلف طرح کی ادائیگیوں کے طریقہ کے انتخاب کا موقع دیتی ہیں۔ مثلا یکمشت پیشگی ادائیگی یا ماہوار اقساط۔ اگر آپ کے پاس یکمشت ادائیگی کی گنجائش نہیں ہے تو ایسی صورت میں آپ ماہانہ اقساط میں ادائیگی کرسکتے ہیں لیکن اس طریقہ میں آپ سے تھوڑی زیادہ رقم وصول کی جائے گی۔ قیمتوں کا تقابلی جائزہ فراہم کرنے والی درج ذیل ویب سائیٹوں کی مدد سے گھریلو انشورنس کا موازنہ کریں:

- www.moneysupermarket.com
- www.uSwitch.com
- www.SimplySwitch.com
- www.unravelit.com
- www.HomeAdvisoryService.com
- www.confused.com
- www.gocompare.com

ہوسکتا ہے کہ آپ کا مالک مکان بھی کرایہ داروں کے لیے کوئی انشورنس سکیم چلا رہا ہو اور انشورنس کا خرچہ اس نے کرایہ میں شامل کیا ہوا ہو۔ اس بارے میں بھی اپنے مالک مکان یا ہاؤسنگ آفیسر سے معلومات حاصل کر لینا بہتر ہوتا ہے۔

یہ مت بھولیں کہ گھر سے باہر جاتے وقت اگرآپ نے گھر کی کھڑکیاں اور دروازے کھلے چھوڑ دیے اور نقصان ہو گیا تو ایسی صورت میں انشورنس کمپنی ذمہ داری نہیں لیتی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے گھر میں کسی بھی واردات کی صورت میں انشورنس کمپنی آپ کے نقصان کی تلافی نہیں کرے گی کیونکہ آپ نے خود اس کے دروازے یا کھڑکیاں کھلی چھوڑی ہیں۔



# چابیاں، دروازے اور کھڑکیاں

گھر کی چابیوں کا ایک فالتو سیٹ بنا کر کسی قابل اعتماد شخص کے پاس رکھوا دیں۔ اگر آپ سے چابیاں گم ہو جاتی ہیں یا اتفاقیہ طور پر آپ کا گھر بند ہو جاتا ہے تو ایسی صورت میں آپ کو چابیاں بنانے والے کو بلوانے یا کھڑکی توڑنے کی زحمت نہیں اٹھانی پڑے گی۔ آپ کے مالک مکان کے پاس بھی شاید فالتو چابیاں نہ ہوں اور اگر اس کے پاس موجود بھی ہوں تو ہو سکتا ہے کہ اس سے بروقت حاصل کرنی مشکل ہو جائیں۔ کسی دوسرے شخص کے پاس فالتو چابیاں بھی سوچ سمجھ کر رکھوائیں۔ چابیاں صرف ایسے شخص کے پاس ہی رکھوائیں جس پر آپ کو مکمل بھروسہ ہو۔ چابیاں کبھی بھی واضح جگہوں مثلاً گملوں کے نیچے، دروازے کے میٹ کے نیچے یا دروازے کی چوکھٹ کے اوپر مت رکھیں کیونکہ یہ ایسی جگہیں ہیں جہاں چور سب سے پہلے دیکھتے ہیں۔ اگر آپ کے دروازوں میں ڈیڈلاک لگے ہوئے ہیں تو انہیں ضرور استعمال کریں۔ سوتے وقت یا گھر سے باہر نکلتے وقت ڈیڈلاک لگانا خاص کر ضروری ہیں۔ انشورنس کے حوالہ سے بھی یہ ضروری ہے کیونکہ اگر آپ نے بتایا کہ آپ کے دروازوں میں ڈیڈلاک موجود ہیں تو آپ کو انہیں استعمال بھی کرنا چاہیے۔

چوروں کی ایک تہائی تعداد پچھواڑے کی کھلی یا غیر مقفل کھڑکی سے اندر داخل ہوتے ہیں۔ اس لیے اس بات کا خیال رکھیں کہ آپ کے گھر کے تمام دروازے اور کھڑکیاں محفوظ طریقہ سے بند اور مقفل ہیں، خاص طور پر نچلی منزل کے دروازوں اور کھڑکیوں کا خاص خیال رکھیں۔

مقفل کھڑکیوں کو چور نہیں چھیڑتے کیونکہ کھڑکی ٹوٹنے کی وجہ سے آواز پیدا ہوتی ہے اور باقی لوگ ان کی طرف متوجہ ہو سکتے ہیں۔

# جب آپ گھر سے باہر نکلیں

* تمام کھڑکیوں اور دروازوں کو تسلی سے تالے لگائیں۔
* اگلے اور پچھلے دروازوں میں ڈیڈلاک لگائیں۔
* شام کے بعد پردے کھینچ لیں تاکہ کسی کو یہ معلوم نہ ہو سکے کہ آپ کے گھر میں کون کون سی چیزیں موجود ہیں۔ یہ اس صورت میں اور بھی ضروری ہے اگر آپ کے گھر میں قیمتی اشیاء مثلاً ٹی وی یا اسٹیریو وغیرہ موجود ہے۔
* بعض لوگ گھر سے نکلتے وقت کوئی نہ کوئی بتی جلا کر جاتے ہیں تاکہ ایسا محسوس ہو کہ جیسے گھر کے اندر کوئی موجود ہے۔
* اگر آپ ارادتاً چند دنوں یا زیادہ عرصہ کے لیے گھر سے باہر جانا چاہتے ہیں تو، آپ چند اضافی احتیاطی تدابیر پر بھی عمل کر سکتے ہیں مثلاً پڑوسیوں کو کہہ دیں کہ وہ آپ کے گھر پر نظر رکھیں یا یہ کہ دوستوں سے گزارش کرجائیں کہ وہ تھوڑی دیر کے لیے آ کر آپ کی املاک پر نظر ڈال جائیں۔ اس کے علاوہ آپ اخبار اور دودھ کی ڈیلیوری بھی منسوخ کر کے جائیں۔ آپ کسی کو گھر میں چھوڑ کر بھی جا سکتے ہیں تاکہ آپ کا گھر زیادہ لمبے عرصہ کے لیے خالی نہ رہے۔

اپنے گھر کو محفوظ رکھنے کے بارے میں مزید معلومات کے حصول کے لیے ملاحظہ کریں: www.crimereduction.homeoffice.gov.uk



# 4

# ری سائیکلنگ

## (ازسرنواستعمال کرنے کا عمل)

# ریسائیکلنگ

از سرنو استعمال بنانے کا عمل ماحول کے تحفظ کے لئے اچھا ہے لیکن بعض اوقات یہ معلوم کرنا کہ کس چیز کو کس وقت کم، دوبارہ استعمال اور ریسائیکل کرنا ہے بہت مشکل کام ہے۔ بہت سی لوکل اتھارٹیز ریسائیکلنگ کو ہفتہ وار بنیادوں پر اکٹھا کرتی ہیں اورقابل ریسائیکل مواد رکھنے کے لئے آپ کو ایک خصوصی بکس فراہم کرتی ہیں۔ بعض کونسلز ریسائیکل نہ کرنے والے افراد پر جرمانہ عائد کرتی ہیں؛ جہاں پر آپ رہائش پذیر ہوں اپنی کونسل سے ضروریات کے بارے میں معلوم کریں۔

ہوم ریسائیکلنگ کوڑے دانوں کے علاوہ تمام لوکل اتھارٹیز کے اندر ریسائیکلنگ بینک بھی موجود ہوتے ہیں جن کو مختلف مواد ریسائیکل کرنے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ گھروں کے باہر بہت سی گلیوں میں رکھے ہوتے ہیں۔ ریسائکلینگ بینکوں کا پتہ معلوم کرنے اور ریسائیکلنگ سے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے اپنی مقامی اتھارٹی کے ساتھ رابطہ کریں یا
www.recycling-guide.org.uk
کو ویزٹ کریں۔



کئی ایک خدمات ایسی بھی ہیں جو کہ آپ کی کسی بھی چیز کو جو کہ قابل استعمال ہے لیکن آپ کو اس کی ضرورت نہیں ہے اٹھا کر لے جا سکتی ہیں۔ اس طرح کے ویب سائیٹ مثلاً
www.dontdumpthat.org.uk اور
www.freecycle.org آپ کا ایسے لوگوں کے ساتھ رابطہ کروا سکتے ہیں جو کہ آ کر کسی بھی غیر ضروری چیز کو اٹھال کر لے جائیں گے۔

# توانائی اوررقم کی بچت

اپنی عادت کو ذرا سی ترتیب دے کرآپ اپنے گھر کے اندرتوانائی اورپانی کے استعمال اور کوڑا کرکٹ پیدا کرنے کی مقدار کو آسانی کے ساتھ کم کر سکتے ہیں

## اپنے گھرکوگرم کرتے وقت توانائی کی بچت

* جب ضروری ہو اس وقت ہی اپنے گھر کو گرم کریں۔
* اپنے تھرموسٹیٹ کو ایک ڈگری سینٹی گریڈ نیچے رکھ کر آپ سال میں تقریباً 60پونڈز بچا سکتے ہیں۔
* شام کے وقت اپنے پردے بند کر دیں اور حرارت کو اندر روکنے کے لئے دروازے بند کر دیں۔
* کمرے کے اندرحرارت کو آنے دینے کے لئے ریڈی ایٹر کے ارد گرد کافی جگہ خالی رکھیں۔

## روشنی اورآلات پرتوانائی کی بچت

* جب ضرورت نہ ہو تو بتیاں بند کر دیں۔
* آلات کوفوری استعمال کی حالت میں نہ چھوڑیں – یہ تقریباً اتنی ہی توانائی سرف کرتے ہیں جتنا کہ آن رکھے جانے والے آلات۔
* اپنے فون چارجر کو جب استعمال نہ ہورہا ہو تو نکال لیں۔
* کیتلی کو استعمال کرتے وقت صرف اتنا ہی پانی ابالیں جتنا کہ آپ کو ضرورت ہے۔
* اگرآپ اپنی واشنگ مشین کو پوری طرح سے نہیں بھر رہے تو ایسی صورت میں آدھا لوڈ اکانمی آپشن کا استعمال کریں۔

## پانی کی بچت

* دانت برش کرتے وقت نلکہ بند کر دیں
* اگر ممکن ہو تو باتھ کے بجائے شاور کا استعمال کریں۔
* بہتے ہوئے نلکے کے نیچے برتنوں کو دھونے اور ڈبونے کےبجائے اوپر سے دھونے والے برتن کا استعمال کریں۔



# 5

# بنیادی ڈی آئی وائ
## (از خود کرنے والے کام)

اس حصہ کو رہنما کے طور پر استعمال کیا جانا چاہیئے، صرف مرمّت کے کام کریں اگر آپ انھیں کرنے کے قابل ہیں اور خود اعتمادی محسوس کرتے ہیں، بصورت دیگر کسی مسئلہ کی اطلاع دینے کے لئے اپنے مالک مکان سے مرمّت کے سلسلے میں رابطہ کریں۔ اگرآپ ذاتی طور پر کرائے پر لئے ہوئے کسی مکان میں رہتے ہیں تو آپ کو مرمّت کی اطلاع دینے کے لئے اپنے مالک مکان اور کرایہ داری کی ایجنسیوں سے لازمی رابطہ کرنا چاہیئے۔

# اپنے گھر کی دیکھ بھال کرنے کے گر

اگر آپ کے پاس آپ کی اپنی کرایہ داری ہے تو آپ اپنے گھر کے اندرونی حصہ کو اچھی حالت میں رکھنے کے ذمہ دار ہیں۔ یقینی بنائیں کہ آپ:

* اپنے مکان کو صاف ستھرا اور جراثیم سے پاک رکھیں؛
* باورچی خانہ کے سنک کی نالیوں کو رکاوٹوں سے بچائیں، اس بات کو یقینی بناکر کہ آپ دھونے سے پہلے تمام فاضل غذا کو ڈبے میں ڈال دیتے ہیں۔
* باہر کے گٹروں اور نالیوں کو پتوں اور دیگر ملبہ وغیرہ سے صاف رکھیں تاکہ پانی باآسانی بہہ جائے۔
* یقینی بنائیں کہ آپ کو معلوم ہے کہ آپ کی مرکزی پانی کی لائن کو روکنے والا وال (اسٹاپ کاک) کہاں ہے، اور اسے کس طرح بند کرتے ہیں، اطمینان کرلیں کہ کسی حادثہ کی صورت میں آپ کو اپنی بجلی اور گیس کی سپلائی بند کرنے کا طریقہ معلوم ہے۔



**شکل 1: پانی روکنے کا کاک**


## کثافت سے نمٹنا

"انجماد" (جمنا) اس وقت ہوتا ہے جبکہ مرطوب ہوا کسی ایسی سطح سے ٹکراتی ہے جس کا درجہ حرارت کم ہو۔ جب ہوا ٹھنڈی سطح سے ٹکراتی ہے تو ٹھنڈی ہوتی چلی جاتی ہے اور اس سطح پر پانی چھوڑتی ہے، لہذا آپ کی دیواریں اور فرنیچر ٹھنڈے ہوجاتے ہیں۔ آپ کے گھر میں موجود ہوا اکثر اس وقت نم ہوجاتی ہے جبکہ آپ نہاتے ہیں، یا اندر ہی کپڑےدھوتے اور خشک کرتے ہیں یا جب آپ کے کھانا پکانے یا چائے ابالنے کے دوران بخارات پیدا ہوتے ہیں۔

اگر اس کو یونہی چھوڑدیا جائے، تو انجماد کا عمل آپ کے گھر، کپڑوں اور بستروں کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ یہ دیواروں اور چھتوں پر سیلن پیدا کرنے کا سبب بھی بن سکتا ہے۔

انجماد سے نبردآزما ہونا آسان ہے! مندرجہ ذیل مشورے آپ کے گھر میں نمی کو کم کرنے میں مدد دیں گے:

* کھانوں کو ابالنے کے دوران برتنوں کو ڈھانک دیں اورآنچ کو کم کردیں؛
  اپنے کپڑوں کو گھر سے باہر سکھائیں، یا کسی کشادہ ہوا دار کمرے میں، یا کوئی کھڑکی کھول دیں تاکہ نمی باہر نکل جائے؛
* جب آپ نہاتے یا غسل کرتے ہیں تو ہوا کے گور میں اضافہ کریں تاکہ نمی باہر نکل جائے ۔ کھڑکی کھول دیں اور ہوا نکالنے والے پنکھے کو چلادیں۔
* اپنے گھر میں ہر روز ایک مخصوص وقت تک کھڑکیوں کو کھولنے کی عادت اپنائیں تاکہ گھر میں موجود ہوا کو تبدیل کرسکیں؛
* فرنیچراور دیوار کے درمیان کچھ فاصلہ رکھیں تاکہ ہوا کا گور ہوسکے؛ اور
* نمی کو پونچھ ڈالیں، یہ سلین بننے کو روکے گا۔ اگر سیلن بن جاتی ہے، تو اسے پانی میں حل شدہ بلیچ (چار حصہ پانی اور ایک حصہ بلیچ) سے پونچھ ڈالیں۔



**شکل 2: غیر عمل شدہ عمل تکثیف کے سبب نقصان**

# اخراجی یا جمے ہوئے پائپ یا اشیاء

اگر کہیں پر بھی لیک ہے تو جلد از جلد اپنے مکان مالک کوفوری مرمّت کے سلسلے میں کال کریں۔ اس دوران کہ آپ تک امداد پہنچے لیک کے نیچے کوئی بالٹی رکھ دیں اور قالین یا غالیچوں وغیرہ کو ہٹا دیں تاکہ پانی انھیں خراب نہ کرے۔ اخبارات یا تولیوں کو نمی جذب کرنے کے لئے رکھ دیں۔

اگرآپ کرسکیں تو پانی کے مرکزی وال کو بند کریں۔ کوئی بھی واٹر ہیٹر(پانی گرم کرنے والا) ہو تو اسے بند کریں۔ نالیوں میں موجود پانی کو فوری طور پر بہانے کے لئے تمام نلکے کھول دیں۔

## اگر بجلی کی چیزیں گیلی ہوجائیں

کسی بھی بجلی کی چیز کو مت چھوئیں۔ بجلی کو سپلائی کی جگہ سے بند کردیں (یہ عام طور پر فیوز کے ڈبے میں موجود ہوتا ہے) اورمسئلہ کو حل کرنے کے لئے اپنے مالک مکان کا انتظار کریں۔

## اگرچھت پھول جاتی ہے

اگر چھت میں یا اوپر والے فلیٹ میں کوئی لیک ہے اور آپ کی چھت پھولنا شروع ہوجاتی ہے تو پھولنے والی جگہ کے نیچے کوئی بالٹی رکھ کر اور پلاسٹر میں ایک چھوٹا سا چھید کرکے تاکہ پانی بہہ جائے، چھت کو جھڑ کر نیچے گرنے سے بچا سکتے ہیں۔
ایسی صورت میں، ابھار کے نیچے موجود چیز کو جو ٹوٹ سکتی ہو ہٹادینا دانشمندی ہے

## جب پائپ جم جائیں

اگر آپ کی کسی بھی چیز تک پانی کی سپلائی رک جاتی ہے، اور موسم بہت سرد ہے تو اس بات کا امکان موجود ہے کہ آپ کے پائپ جم گئے ہیں۔ پہلے، دیکھیں کہ کونسا پائپ جما ہے اس طرح کے گھر کے ہر نلکے بشمول غسل خانہ کے نلکوں کو کھول کر دیکھیں۔ اگر باورچی خانہ کے سنک والے نلکے میں پانی جما ہے لیکن غسل خانہ میں موجود سنک کا پانی جاری ہے، تو آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ آپ صرف ایک پریشانی کا سامنا کررہے ہیں اور وہ پائپ جو باورچی خانہ کو پانی پہنچاتا ہے جم گیا ہے۔ یہ جان لینے کے بعد کہ کونسا پائپ جم گیا ہے، تمام دیگر نلکے بند کردیں لیکن اسکو کھلا چھوڑدیں۔

اب، گھر کو پانی پہنچانے والی سپلائی بند کردیں۔ پائپوں کو پگھلانے سے پہلے ایسا کرنا ضروری ہے کیونکہ ہوسکتا ہے پہلے ہی اس دباؤ کے سبب ٹوٹ چکا ہو جو جمنے کی وجہ سے پیدا ہوا اورآپ نہیں چاہتے کہ آپ کے گھر میں پانی بھر جائے!

جب پانی بند کردیا جائے، تو آپ کے پاس پائپ کو پگھلانے کے لئے کئی متبادل موجود ہیں۔ ایک یہ کہ گرم پانی میں ڈوبا ہوا تولیہ استعمال کریں۔ جمے ہوئے پائپ پر گرم پانی میں بھیگا ہوا تولیہ لپیٹ دیں اور مزید گرم پانی ڈالتے رہیں جب تک کہ پائپ میں موجود جما ہوا پانی مکمل طور پر پگھل نہ جائے۔ اگر گرم تولیہ سے کام نہیں ہوتا، تو اپنا ہیئر ڈرائیراستعمال کریں۔ ڈرائیر چلائیں اور جمے ہوئے پائپ کی لمبائی میں اوپر نیچے حرکت دیں۔ جب پانی پگھلنا شروع ہوجائے اور پائپ سے ٹپکنے لگے، اب آپ پانی کی مرکزی سپلائی کو بحال کرسکتے ہیں۔ گرم پہنچانے کا جو بھی بہتر ذریعہ ہو اسے استعمال کریں، اور پانی کے نلکے کو اس وقت تک کھلا رکھیں جب تک کے مکمل پانی کا پریشر بحال نہ ہوجائے۔

### تنبیہی الفظ...

**کبھی بھی بلوٹارچ یا لائٹر کسی جمے ہوئے پائپ پراستعمال نہ کریں**

اگرآپ کے گھر میں موجود کوئی بھی نلکا کام نہیں کرتا، تو ہوسکتا ہے مرکزی پائپ جو آپ کے گھر میں پانی پہنچاتا ہے جم گیا ہو۔ اپنے گھر کے تمام نلکے کھول دیں اور مرکزی پانی کی سپلائی کو بند کریں۔ اوپر دی گئی پگھلانے کی تجاویز پرعمل کریں (گرم تولیے یا ہیئر ڈرائیر) لیکن گھر میں داخل ہونے والے پائپ کو اس کے بجائے براہ راست گرمی پہنچائیں۔

کبھی بھی بلوٹارچ یا لائٹرکسی جمے ہوئے پائپ پر استعمال نہ کریں! شعلہ نہ صرف خطرناک آگ بھڑکا سکتا ہے بلکہ یہ گرمی پائپ کے لئے ناقابل برداشت ہوسکتی ہے اور اسے کریک کرسکتی ہے۔ اور مزید خطرناک یہ کہ پائپ میں موجود پانی ابل سکتا ہے اور پائپ کے پھٹنے کا سبب بن سکتا ہے۔

اگر آپ کا پائپ ایک بار جم چکا ہے، تو یہ دوبارہ بھی جم سکتا ہے۔ تمام موسموں میں آپ کے پائپوں کے کام کرنے سے متعلق چند ایک مشورے ہیں۔

* باہریا اندر موجود پائپ جو ٹھنڈی جگہ پر (مثلاً کچن سنک کے نیچے) ہوں ان پر کوئی انسولیٹ (جدا) کرنے والے مادہ جیسا کے اخبار یا الیکٹرک ہیٹ ٹیپ لپیٹ دیں، تمام جوڑوں، والوں اور دیگر فٹنگ کو ڈھانکنے میں خاص احتیاط برتیں۔ الیکٹرک ہیٹ کے ٹیپ آپ کے مقامی ہارڈ ویئر اسٹور پر دستیاب ہونگے۔ ٹیپ لگانے کے دوران کمپنی کی دی ہوئی ہدایا ت کی پیروی کریں۔
* دن اور رات دونوں میں تھرمو اسٹیٹ کو ایک مستقل درجہ حرارت پر رکھیں ۔ 13 ڈگری سینٹی گریڈ سے کم نہ ہو۔ اگرآپ سردیوں میں چند دنوں کے لئے کہیں جارہے ہیں تو حرارت کو کچھ کم کردیں، لیکن اس کو بند نہ کریں۔

اپنے مالک مکان کو حادثاتی مرمّت کے سلسلہ میں ہمیشہ براہ راست کال کرنا یاد رکھیں!

# ☑ ریڈی ایٹر کو خالی کرنا

اگر آپ کے ریڈی ایٹر کا بالائی حصہ ٹھنڈا ہے جبکہ آپ نے حرارت کو کھولا ہوا ہے لیکن اس کا نچلا حصہ گرم ہے، تو اسکا مطلب ہے کہ سسٹم میں ہوا پھنس گئی ہے۔ ریڈی ایٹر کو خالی کرنے سے ہوا نکل جاتی ہے اور گرم پانی سے پورا سسٹم بھر جاتا ہے۔

## اگرآپ کے پاس مرکزی حرارت کا روایتی نظام ہے۔۔۔

اگرحرارت پانی کے ٹینک کے ساتھ جو کسی بالا خانہ یا ہوا دار خانہ میں ہو، تو اپنے ریڈی ایٹر کو خالی کرنے کے لئے درج ذیل مراحل کی پیروی کریں۔

اگرآپ کے پاس کوئی مشترکہ بوائلر ہے تو آپ کو عام طور پر ریڈی ایٹر کو خالی کرنے کے بعد اپنے بوائلر میں پریشر کو دوبارہ بھرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب آپ ایسا کرنے لگیں، تو اپنے مالک مکان سے کہیں کہ وہ آپ کو پانی کا پریشر بھر کر دکھائے۔ اس کے علاوہ، جب ریڈ ی ایٹر کو پہلی بار خالی کیا جارہا ہو، تو اپنے لینڈ لارڈ کو مرمّت کے سلسلے میں کال کریں، لیکن جو شخص مسئلہ کو حل کرنے کے لئے آئے اس کہیں کہ وہ آپ کو پانی کا پریشربھرکردکھائے۔

**اسے انجام دینے کا طریقہ لکھیں!**

**اس طرح سے آپ یاد رکھیں کے کہ ا گلی بار سے خود اپنے سے کیسے کریں ۔**

اپنے ہاؤسنگ آفیسر یا لینڈ لارڈ کو بتائیں اگرآپ کے پاس مشترکہ (کومبینیشن) بوائلر یا مرکوی گرمی کا روایتی نظام ہے۔

# ریڈی ایٹر کو خالی کرنے سے پہلے

اگرریڈی ایٹرمکمل طورپرٹھنڈا ہے تو ریڈی ایٹر کے نیچے لگے ہوئے والوں کو استعمال کرتے ہوئے پہلے یہ دیکھیں کہ وہ آن ہے (تصویر 1)۔

اگر ایک سے زیادہ ریڈی ایٹرٹھنڈے ہیں، لیکن حرارت اور ریڈی ایٹر بلاشبہ آن ہیں، تو اس بات کا امکان ہے کہ کسی پلمبر کی جانب سے پورا نظام جانچنے کی ضرورت ہے، تو اپنے مالک مکان کی مرمّت کی لائن پر کال کریں۔

ریڈی ایٹرکو خالی کرنے سے پہلے، حرارت کے نظام کو بند کردیں اور ٹھنڈا ہونے کا انتظار کریں۔ ایسا اس لئے ہے کہ ریڈی ایٹر میں موجود ہوا بہت زیادہ گرم ہوگی اور آپ اس سے جل سکتے ہیں۔

مخصوص ریڈی ایٹر کی چابی لے کرکام کی تیاری کریں۔ اس کی قیمت دو پاؤنڈ سے زیادہ نہیں ہے اور یہ اکثر ڈی آئی وائی اور ہارڈ ویئر کی دکانوں سے دستیاب ہیں۔ آپ کو کوئی رومال یا کپڑے کا ٹکڑا اور ایک بالٹی یا پیالہ بھی تیار رکھنا چائیے۔



**شکل 1: تھرموسٹیٹ ریڈی ایٹر کا والو**

# ریڈی ایٹر کو کسی طرح خالی کیا جائے

خالی کرنے (بلیڈ) کا والو ایک چھوٹا چوکورنٹ ہوتا ہے جو ریڈی ایٹر کے بالکل اوپرکے سرے پر موجود ہوتا ہے۔ والو پر چابی رکھیں اور اس کے گرد کسی بھی پانی کو جذب کرنے کے لئے کپڑا لگائیں۔ ہوسکتا ہے پانی گدا ہو، لہذا یہ آپ کے کپڑوں اور قالین کو دھبّوں سے بچائے گا۔

آہستگی سے چابی کو گھڑی کی مخالف سمت میں گھمائیں جب تک کہ آپ کو ہس کی آواز سنائی نہ دے ۔ یہ وہ ہوا ہے جو خارج ہوتی ہے۔ والو کو مکمل طور پر نہ کھولیں، کیونکہ پلگ باہر آجائیگا۔ تمام ہوا کو باہر نکل جانے دیں۔ جب پانی باہر آنا شروع ہوجائے، تو چابی کو واپسی گھڑی کی سمت میں والو کو بند کرنے کے لئے گھمائیں۔

آپ کو لازمی دیکھنا چاہیئے کہ جب آپ حرارت کو کھولیں گے تو ریڈی ایٹر اگلی بار مکمل طور پر گرم ہوجائیگا۔ اگر ایسا نہ ہو تو اپنے مالک مکان کو فون کریں۔



**شکل 2: ریڈی ایٹر کو بہانا**

# بجلی کا چلے جانا

اگر بجلی اچانک بند ہوجائے تو درج ذیل کی جانچ کریں:

## فیوز یا ٹرپ سوئچ تلاش کرنا

استعمال کنندہ کا یونٹ یا فیوز کا خانہ دیکھیں، اس میں فیوز یا پھر ٹرپ کے سوئچ لگے ہونگے۔

جدید بجلی کے سرکٹ (تصویر 1) سرکٹ بریکر فیوز سسٹم کے ساتھ لگے ہوتے ہیں۔ اگر کوئی مسئلہ ہوتا ہے، تو سوئچ بند ہوجاتا ہے اور سرکٹ ختم ہوجاتا ہے۔

پرانے فیوز بکسوں میں فیوز ہولڈ لگے ہوتے ہیں اور جب فیوز اڑجاتا ہے تو اسے بدلنا پڑتا ہے یا خاص فیوز کے تاروں سے دوبارہ تار لگانا پڑتا ہے، لیکن اگر ان میں سے کوئی آپ کے یہاں لگاہوا ہے تو یہ طے کیا گیا ہے کہ آپ خود سے فیوز کو لگانے یا بدلنے کی کوشش نہ کریں ۔ اپنے مالک مکان کی مرمّت کی لائن پر کال کریں۔




**شکل 1: فیوز بکس مع ٹریپ سوئچ**



## ٹرپ ہوئے سوئچ کو بحال کرنا

استعمال کنندہ کا یونٹ یا فیوز بکس عام طور پر بجلی کے میٹر کے ساتھ لگا ہوتا ہے۔ سوئچوں کو سامنے لانے کے لئے یونٹ کا ڈھکنا کھولیں۔ دیکھیں اگر کوئی بھی سوئچ ٹرپ ہوکر ''آف'' ہوگیا ہے تو انھیں پھر سے آن کردیں۔

اگر دوبارہ ٹرپ ہوجاتا ہے تو ممکن ہے کوئی خراب آلہ موجود ہو۔ آپ کو یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ کونسا آلہ مسائل کھڑے کررہا ہے، لہذا گھر کا دورہ کریں اور تلاش کریں کہ کونسی لائٹوں کے سیٹ اس وقت کام نہیں کررہے جبکہ سوئچ ابھی ٹرپ ہے۔ اس سرکٹ پر موجود تمام اشیاء کے پلگ نکال دیں (یعنی وہ جو لائٹوں کے قریب یا اسی کمرہ میں ہیں) اوراگر آپ کے پاس امرجن ہیٹر (ایسا ہیٹر جسے پانی میں ڈال دیا جاتا ہے) ہے تو اسے بند کردیں۔ ٹرپ ہوئے سوئچ کو 'آن' کریں اورایک ایک کرکے چیزوں کو چلائیں یہاں تک کے دوبارہ ٹرپ ہوجائے۔ جس چیز پر یہ دوبارہ ٹرپ ہو اسکا پلگ نکال دیں اور سوئچ کو دوبارہ آن کردیں۔

اگر کوئی چیز سرکٹ کو ٹرپ کرنے کا سبب بن رہی ہے، تو اس میں کوئی ایسی خرابی ہے جسے الیکٹریشن سے چیک کرانا چاہیئے۔ اگر اس کی وارنٹی باقی ہے، تو اس کو اس دکان پر لے جائیں جہاں سے آپ نے اسے خریدا ہے۔

## کونسی چیز ٹرپ کرنے یا فیوز اڑانے کا سبب بنتی ہے؟

* کوئی خراب یا صحیح طور پر استعمال نہ کیا جانے والا آلہ۔
* کسی سرکٹ پر بہت زیادہ لوڈ ڈال دینا یعنی کئی آلات کو ایک ہی وقت استعمال کرنا۔
* بہت زیادہ بھری ہوئی کیتلی۔
* ککر کے خراب یا ٹوٹے ہوئے رنگ۔
* کوئی خراب امرجن ہیٹر۔
* آلات کی لیڈوں میں خراب ککشن مثلاً کسی ٹی وی یا میوزک سسٹم۔
* بلب کا پھٹنا

# تنبیہی الفاظ...

* کسی بھی ٹرپ ہوئے سوئچ کو دوبارہ واپس کرنے کے علاوہ کبھی بھی کمپنی کے فیوز باکس یا سیل کے ساتھ چھیڑخانی نہ کریں۔
* کبھی بھی اس حصے میں کوئی کام نہ کریں جب تک 100% یقین نہ ہو جائے کہ آپ اسے بحفاظت کرسکتے ہیں۔
* اگر کوئی مسئلہ ہوتو اپنے مالک مکان کے حادثاتی مرمّت کے نمبر پر رابطہ کریں
* کبھی بھی آلات کو چٹخے ہوئے پلگ یا ڈھکے ہوئے یا ننگے تاروں کے ساتھ استعمال نہ کریں۔ ان سے آپ کو بجلی کا جھٹکا لگ سکتا ہے اور ان سے آپ کا فیوز اڑسکتا ہے۔

# سنک یا غسل خانہ کے بند پائپ کھولنا

کسی مناسب برتن کی مدد سے زیادہ سے زیادہ پانی نکال لیں۔ اوورفلو والی جگہ کو کسی پرانے کپڑے وغیرہ سے سختی سے ڈھانپ دیں اور ڈرین ہول کے اوپر پلنجر رکھیں (شکل 1)۔ اس بات کا اطمینان کر لیں کہ پلگ ہول کے اردگرد پلنجر کو مکمل طور پر ہوا بند کر دیا گیا ہو۔ اب پلنجر کو تیزی سے اوپر نیچے پمپ کریں۔ پلنجر آپ کو زیادہ تر ڈی آئی وائی شاپس سے مل سکتا ہے اورعام طورپراس کی قیمت بہت زیادہ نہیں ہوتی۔



**شکل 1: سینک کو کھولنا**

## سنک یا غسل خانے کے نیچے والے ویسٹ ٹریپ یا یو۔ بینڈ کی صفائی کرنا

سب سے پہلے، کسی مناسب برتن کی مدد سے غسل خانہ، بیسن یا سنک کا فالتو پانی نکال لیں۔ یو۔ بینڈ کے نیچے کوئی پیالہ وغیرہ رکھیں اوراسے کھول لیں۔ مکمل صفائی کر کے ٹریپ تبدیل کر لیں۔ چیک کریں کہ جوڑوں میں ساری سیلیں ٹھیک لگی ہوئی ہیں اور یہ کہ تمام جوڑوں کو مضبوط کر دیا گیا ہے۔



**شکل 1: سینک ویسٹ ٹریپ یا یو۔ بنڈ**

## بند ٹائیلٹ کھولنا

اگرپین(pan) پہلے سی بھری ہوئی ہے تو پانی کی ایک موزوں مقدار کسی مناسب برتن کی مدد سے نکال لیں۔ اب پین کے پیندے میں ٹوائلیٹ برش یا پلنجر کو تقریبا 10 دفعہ اوپر نیچے زور سے گھمائیں۔ ایسا کرنے سے خلاء اور دباؤ پیدا ہو گا جس کی وجہ سے بند ٹوائلیٹ کھلنے میں مدد ملے گی۔ ٹوائلیٹ کو فلش کر کے دیکھیں کہ آیا یہ کھل گیا ہے یا نہیں۔ ٹوائلیٹ فلش ہونے کا عمل نارمل ہو جانے تک آپ کو یہ عمل کئی دفعہ دہرانے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔ دھاتی ڈسک والا پلنجر کبھی بھی ٹوائلیٹ میں استعمال نہ کریں کیونکہ اس کی وجہ سے ٹوائلیٹ باؤل کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

**شکل 2: ٹائلٹ کو کھولنا**



## بند ہونے سے بچنا

آپ کے گھر سے مربوط نالیوں میں سے صرف استعمال شدہ پانی، ٹوائلیٹ ٹشو اور انسانی فالتو اور تلف شدہ مادے وغیرہ نکل سکتے ہیں۔ ان کے علاوہ باقی تمام چیزوں کے لیے ردی کی ٹوکری استعمال کرنی چاہیے۔

ٹوائلیٹ کی کاریوں سے لگائے جانے والے ایئرفریشنرز کو مضبوطی سے باندھنا چاہیے تاکہ وہ ٹوائلیٹ کے اندر گر کر اسے بند نہ کر دیں۔ کبھی بھی سینٹری کی مصنوعات کو ٹوائلیٹ کے اندر نہ ڈالیں – کیونکہ وہ پانی چوس کر پھول جاتی ہیں اور نکاسی کے مرکزی پائپ اور باہر جانے والے پائپوں کو بند کرنے کا سبب بنتی ہیں۔


ٹوائلیٹ کے اندر آپ کون سی چیزیں ڈال سکتے ہیں اور کون سی نہیں؛ یہ جاننے کے ملاحظہ کیجئے: www.thameswater.co.uk

## اوور فلو

اگر ٹائیلٹ کی ٹینکی اوور فلو کر رہی ہو – یعنی اگر ٹینکی سے پانی مسلسل ٹائیلٹ میں داخل ہو رہا ہو تو – ممکن ہے کہ آپ کو والو تبدیل کرنے کی ضرورت پیش آ جائے۔ اس مسئلہ کے حل کے لیے اپنے لینڈلارڈ سے بات کریں۔

# روشنی کا بلب تبدیل کرنا

* بلب تبدیل کرنے سے پہلے لیمپ یا لائٹ سوئچ کو بند کردیں اور پلگ کو بھی ساکٹ سے باہر نکال لیں۔
* بجلی کو فیوز باکس اور مین سوئچ سے بھی بند کر دیں۔ اس کی وجہ سے اگر وائرنگ کسی جگہ سے زخمی بھی ہوئی تو آپ پھر بھی بجلی کے جھٹکے سے بچ جائیں گے۔
* اگر بلب تھوڑی دیر سے بھی جل رہا ہو تو یہ گرم ہو جاتا ہے – اسے پہلے ٹھنڈا ہونے کے لیے وقت دیں۔
* اپنی بلب فٹنگ چیک کریں – آیا اس میں چوڑی دار یا سادہ بلب لگتا ہے؟ زیادہ تر بلب ہولڈروں کے اندر سادہ بلب ہی لگتے ہیں۔ اگر یہ سادہ ہولڈر (جس میں آپ لگاتے ہیں) ہے تو اس اس کے اندرونی کاروں میں آپ کو دو عدد ایل شکل کے چھوٹے چھوٹے کٹے نظر آئیں گے (شکل نمبر1)۔



**شکل 1: ایل شکل کے کٹاؤ والی بیونیٹ فٹنگ**

* اس بات کا اطمینان کر لیں کہ آپ کے پاس ہولڈر کی ساخت کے مطابق درست بلب موجود ہے۔
* اگر آپ کے پاس سادہ فٹنگ (شکل نمبر2) ہے تو بلب کو ہلکے ہاتھ سے پکڑتے ہوئے مگر تھام کر اوپر دھکیلتے ہوئے غیرگھڑی وار سمت میں گھمائیں یہاں تک کہ بلب کی پنیں کونڈوں سے باہر نکل آئیں۔ بلب لگانے کے لیے، بلب کو ہولڈر کے اندر اس طرح سے ڈالیں کہ اس کی پنیں سوراخوں میں ہوں اور اوپر دھکیلتے ہوئے گھڑی وار سمت میں گھمائیں یہاں تک کہ پنیں کونڈوں کے اندر پھنس جائیں۔
* اگر یہ چوڑی دار (شکل نمبر2) ہے تو بلب کو ہلکے ہاتھ سے پکڑ کر تھامتے ہوئے اس وقت تک غیرگھڑی وار سمت میں گھمائیں یہاں تک کہ وہ ہولڈر سے باہر آ جائے۔ بلب لگانے کے لیے، بس بلب کو ہولڈر کے اندر ڈالیں اور گھڑی وار سمت میں گھمائیں۔
* ناکارہ بلب کو محفوظ طریقہ سے ٹھکانے لگائیں۔



**شکل 2: بیونیٹ بلب مع پن (بائیں)؛**
**اسکریو والا بلب (دائیں)**

# آگ سے حفاظت

ہمیں معلوم ہے کہ آپ خود اپنے ہی گھر کو آگ نہیں لگانا چاہیں گے مگر ہم نے یہ مناسب سمجھا ہے کہ آپ کو آگ لگنے کے حوالہ سے چند حقائق سے آگاہ کر دیا جائے اور یہ کہ اس سے کیسے بچا سکتا ہے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ہم چاہیں گے کہ آپ درج ذیل احتیاطی تدابیر اپنائیں --

## سموک الارم لگوائیں!

آگ کی وجہ سے واقع ہونے والی اموات میں سے زیادہ تر دھوئیں اور بدبودار بخارات کی وجہ سے ہوتی ہیں نہ کہ آگ کے شعلوں سے۔ ایک درست سموک الارم آپ کو آگ سے بروقت خبردار کر دیتا ہے اور اس سے پہلے کہ آگ آپ کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لے، آپ باہر نکل جانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

’لندن فائر بریگیڈ‘ کی جانب سے لندن کے تمام




**شکل 1: اسموک الارم حاصل کرن**

رہائشیوں کو مفت فائر سیفٹی وزٹ کی پیشکش کی گئی ہے۔ وہ آپ کے گھر آئیں گے، آپ سے آگ سے محفوظ رہنے کے حوالہ سے مفید بات چیت کریں گے اور آپ کے گھر کے اندر ایک مفت سموک الارم بھی نصب کر دیں گے۔ اگر آپ کے گھر میں سموک الارم نہیں لگا ہوا تو ابھی انہیں کال کریں۔

اگر آپ خود بھی سموک الارم نصب کرنا چاہیں تو یہ کام نہایت آسان ہے۔ ان کی قیمت نہایت کم – یعنی تقریبا 5£ – ہوتی ہے اور یہ زیادہ تر سپر مارکیٹس، ڈی آئی وائی سٹورز اور بجلی کی دکانوں پر آسانی سے دستیاب ہوتے ہیں۔

## حقائق اور اعداد و شمار

* لندن میں آگ کی وجہ سے واقع ہونے والی اموات میں سے 40 فیصد اموات ایسی آگ سےواقع ہوتی ہیں جو جلتے ہوئے سگریٹ، سگار یا تمباکو ادھر ادھر لاپرواہی سے پھینک دینے سے لگتی ہے۔
* گھروں میں اتفاقیہ طور پر لگنے والی آگ کی 60 فیصد وجہ باورچی خانہ بنتا ہے۔
* گھروں کے اندر آگ کی وجہ سے واقع ہونے والی اموات میں سے تقریبا نصف رات 10 بجے اور صبح 8 بجے کے درمیان واقع ہوتی ہیں۔

گھروں میں آگ لگنے کے حوالے سے مزید معلومات کے حصول کے لیے، فائر الارم نصب کرنے کا طریقہ سیکھنے کے لیے اور فائر سیفٹی وزٹ بک کروانے کے لیے 'لندن فائر بریگیڈ' کی ویب سائیٹ ملاحظہ فرمائیں: www.london-fire.gov.uk

# رنگ سازی اور سجاوٹ

اپنے نئے گھر کو رنگ کرنا ایک دلچسپ اور اچھا اقدام ہو سکتا ہے؛ اس کام سے آپ اپنے گھر کو اپنی پسند کے مطابق ڈھال سکتے ہیں۔

یہ کام شروع کرنے سے پہلے چند لمحات نکال کر اپنے لینڈلارڈ کو فون کر کے پوچھ لیں کہ آیا اسے اس پر کوئی اعتراض تو نہیں ہے۔ اگر سارا کچھ کرنے کے بعد آپ کو معلوم ہو کہ لینڈلارڈ تو اس کے خلاف ہے تو بڑی بدمزگی پیدا ہو سکتی ہے اور ہو سکتا ہے کہ آپ کو پھر سے پہلے والا رنگ کرنا پڑ جائے۔ زیادہ تر لینڈلارڈ تو اس پر اعتراض نہیں کریں گے ماسوائے اس صورت کے کہ آپ اس کی جائیداد کو کالا رنگ کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں!

اور رنگ کرنے سے پہلے تمام دیواروں اور دوسری سطحوں کو پانی سے صاف کرنا نہ بھولیں۔ کیونکہ رنگ گدی جگہ پر درست طریقہ سے نہیں چمٹے گا – یہ جلد اکھڑ جائے گا – اور ظاہر ہے کہ آپ دو دفعہ رنگ کرنے کی زحمت نہیں اٹھانا چاہیں گے۔ رنگ شروع کرنے سے پہلے سطح کو خشک ہونے کا وقت ضرور دیں۔

## موزوں رنگ کے پینٹ کا انتخاب

### سیلنگ

سیلنگ کو عام طور پر وائیٹ یا آف وائیٹ کلر کیا جاتا ہے کیونکہ اس کی وجہ سے سیلنگ اونچا اور کمرہ زیادہ کشادہ نظر آنے لگتا ہے۔ گہرے رنگوں کی وجہ سے ایسا لگتا ہے جیسے چھت نیچے آ گئی ہو حالانکہ اگر سیلنگ کی اونچائی تھوڑی زیادہ ہو تو یہ اچھا بھی محسوس ہو سکتا ہے۔

### دیواریں

مندرجہ بالا وجوہات کی بناء پر گاڑھے رنگ مثلاً سرخ، نارنجی اور پیلے رنگ دیواروں پر کرنے سے کمرہ چھوٹا اور تنگ نظر آنے لگتا ہے اور کمرہ ایک خوفناک حصار کی شکل اختیار کر سکتا ہے۔

چھوٹے کمروں میں سفید یا ہلکے رنگ مثلا میگنولیا، اوٹ میل یا کریم کلر بہترین رہتے ہیں اور ایسے رنگوں کے استعمال سے کمرہ کشادہ نظر آنے لگتا ہے۔

## اپنے غسل خانہ اور باورچی خانہ میں رنگ کرنا

اگر آپ کے غسل خانہ میں نمی موجود ہو تو آپ کو ایک خاص قسم کے رنگ کی ضرورت پڑے گی جس کی وجہ سے غسل خانوں میں کائی نہیں اگتی۔ لیکن اگر آپ اپنے غسل خانہ میں ہوا (کیا آپ نے انجماد والا حصہ پڑھا ہے؟) کے گزرنے کا مناسب بندوبست کر سکیں تو آپ کا کام عام رنگ سے بھی چل جائے گا۔ اسی طرح آپ کو باورچی خانہ کے لیے بھی مخصوص رنگ مل سکتا ہے، جس میں زیادہ چمک اور نفاست موجود ہوتی ہے، تاکہ اسے آسانی سے صاف کیا جا سکے اور ہوا کی نمی کو زیادہ دیر تک برقرار رکھا جا سکے۔ بہترین مشورہ کے لیے اپنے مقامی ڈی آئی وائی سٹور سے پوچھیں۔

## رنگ کی مختلف اقسام

* دیواروں کے لیے ایملشن پینٹ ہوتا ہے اور یہ کھردرے 'میٹ' اور ہموار 'سلک' میں دستیاب ہے۔
* میٹ پینٹ کے اندر چمک نہیں ہوتی جس کی وجہ سے یہ سطح کی چھوٹی موٹی خامیوں کو چھپانے کے لیے بہترین چیز ہے مثلا دیواروں کی اونچی نیچی سطحیں (پرانی پراپرٹیز میں عام استعمال ہوتا ہے)۔
* سلک کے اندر زیادہ چمک پائی جاتی ہے اور اسے صاف کرنا نسبتا آسان ہوتا ہے – ان دیواروں کے لیے بہترین ہے جہاں پر انگلیوں کے نشانات پڑنے کے زیادہ امکانات ہوں!
* 'گلاس' پینٹ چمکدار، زیادہ دیر پا اور صاف کرنے میں آسان ہوتا ہے۔ اس لیے یہ دروازوں اور صاف رہنے والی جگہوں (مثلا سکرٹنگ بورڈز اور چوکھٹوں) کے لیے بہترین چیز ہے۔
* لکڑی کی اشیاء کے لیے 'ایگ شیل، 'ساٹن' یا 'سیمی گلاس' بہترین انتخاب ہو سکتے ہیں – یہ میٹ پینٹ کی بنسبت صاف کرنے میں آسان اور زیادہ دیر پا ہوتے ہیں اور ان کے اندر ہلکی سی چمک بھی موجود ہوتی ہے۔ اس لیے فن تعمیر کی خصوصیات کو واضح کرنے کے لیے ان کا استعمال موزوں ہے۔

# گھر میں رنگ کرنے کی تیاری کرنا

## گر نمبر 1

کام شروع کرنے سے پہلے اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ آپ کے پاس تمام مطلوبہ اوزار موجود ہوں:

* ناہموار سطحوں کو ہموار بنانے کے لیے ریگ مال
* رگڑائی کے دوران پہننے کے لیے ڈسٹ ماسک اور آنکھوں کے محافظ کور
* پونچھنے اور صاف کرنے کے لیے چند صاف کپڑے
* فٹنگز پر چڑھانے کے لیے ماسکنگ ٹیپ تاکہ انہیں اتفاقیہ طور پر رنگ گرنے سے بچایا جا سکے
* فرش اور فرنیچر کو بچانے کے لیے پلاسٹک کی شیٹیں
* سطحوں سے پرانا گاڑھا رنگ اتارنے کے لیے سکریپر
* دیواروں میں چھوٹے موٹے سوراخ بند کرنے کے لیے فلر اور فلنگ نائف
* برش (اس کے علاوہ رولرز اور پینٹ ٹرے اگر آپ اس طریقہ سے رنگ کرنا چاہتے ہیں)۔ مختلف سطحوں اور مقاصد کے لحاظ سے برش اور رولرز کی کئی اقسام دستیاب ہیں؛ اس بارے میں جہاں سے آپ خریداری کرتے ہیں مزید معلومات بھی حاصل کر لیں
* دیواریں اور سیلنگ دھونے کے لیے اسفنج اور نچوڑنے والا موپ
* کام کے اختتام پر برش اور رولر دھونے کے لیے مناسب برتن
* اونچی جگہوں پر رنگ کرنے کے لیے رولر سے لگانے والا ایکسٹینشن پول
* اونچی جگہوں پر رنگ کرنے کے لیے ایک عدد سیڑھی (استعمال سے پہلے چیک کریں کہ سیڑھی مضبوط اور محفوظ ہو۔ تاکہ آپ اس سے گریں نہ
* پہننے کے لیے آرام دہ پرانے کپڑے!

### گر نمبر 2

رنگ والے کمرے سے جتنا زیادہ ممکن ہو فرنیچر باہر نکال دیں۔

### گر نمبر 3

تمام سطحوں کو پلاسٹک شیٹ سے ڈھانپیں۔

### گر نمبر 4

کسی مناسب فلر سے ناہموار سطحوں اور سوراخوں کو بھریں۔ ملاحظہ کریں www.polycell.co.uk فلر خشک ہو جانے پر اسے ریگ مال سے صاف کریں تاکہ سطح ہموار ہو جائے۔ گرد وغیرہ کو صاف کریں یا اسے دھو ئیں اور خشک ہونے پر رنگ شروع کر لیں!

### گر نمبر 5

رنگ کے چھینٹوں سے بچانے کے لیے بجلی کے بٹنوں، چوکھٹوں اور لکڑی کی اشیاء پر ماسک ٹیپ چڑھا دیں۔

## کام میں رکاوٹ پیدا ہو جانا

* رنگ شروع کرنے کی بہترین ترتیب یہ ہے کہ سب سے پہلے چھت کو، اس کے بعد دیواروں کو اور اس کے بعد کھڑکیوں اور دروازوں کو اس کے بعد کارنس کو اور سب سے آخر میں سکرٹنگ کو رنگ کیا جائے۔ اس ترتیب میں رنگ کرنے کی وجہ سے اوپر سے گرنے والے رنگ کے چھینٹے پہلے سے ہونے والے نچلے رنگ کو خراب نہیں کریں گے۔
* مشکل جگہوں ـــ مثلا کونوں اور کاروں پر پہلے رنگ کریں۔
* رنگ اوپر نیچے یا دائیں بائیں سمت میں کریں؛ جو بھی آپ کو آسان لگے۔
* ہمیشہ رنگ کے دو یا دو سے زیادہ کوٹ کریں۔ پہلا کوٹ کرنے کے بعد اسے خشک ہونے کے لیے وقت دیں اور اس کے بعد دوسرا کوٹ کریں۔ رنگ کے ڈبوں پر دو کوٹوں کے درمیان وقفے کے بارے میں لکھا ہوتا ہے مگر عام طور پر دو کوٹوں کے درمیان ایک دن کا وقفہ ہونا چاہیے۔

## بہترین مشورے

* مخصوص ہدایات اور مشوروں کے لیے ہمیشہ رنگ کے ڈبوں کے لیبل پڑھیں۔
* رنگ کو استعمال سے پہلے ضرور ہلائیں۔ اس بات کا دھیان رہے کہ ڈبوں کی تہہ میں جما ہوا سارا رنگ حل ہو جانا چاہیے اور یہ کہ سارے پینٹ کا رنگ ایک جیسا ہو جائے۔
* رنگ کے اندر برش کے منہ کا صرف ایک تہائی حصہ ہی ڈبوئیں۔ فالتو رنگ کو ڈبہ کے کاروں پر آرام سے اتار دیں۔ برش پر زیادہ زور ہر گز نہ ڈالیں ورنہ بکھر جائے گا – جو برا لگے گا۔
* رنگ کے دھبے ہمیشہ اتار دیں؛ گیلے رنگ کو صاف کرنا نہایت آسان ہوتا ہے۔ اور تمام اوزار استعمال کے فورا بعد صاف کر لیں۔ ایملشن پینٹ میں پانی ڈالیں جبکہ آئل بیسڈ پینٹ کے اندر وائیٹ سپرٹ یا سیلولوز تھنر کا استعمال کریں۔
* بچے ہوئے رنگ کو پانی کی نالیوں میں ہر گز نہ ڈالیں کیونکہ اس کی وجہ سے ماحول کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو سکتا ہے یا اس سے آپ کا پانی کا نکاسی کا نظام بھی متاثر ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کے پاس تھوڑا سا رنگ بچ گیا ہو تو اس کو ٹھکانے لگانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اسے کسی اخبار پر ڈال کر سکھا لیں اور پھر ردی کی ٹوکری میں ڈال دیں۔ اگر زیادہ رنگ بچ گیا ہے تو اسے یا تو محتاط طریقہ سے بند کر کے اگلی دفعہ کے استعمال کے لیے چھوڑ دیں یا اسے اپنے نزدیک ترین کمیونٹی ری سائیکلنگ سنٹر پر لے جائیں (تفصیلات اپنی لوکل کونسل کی ویب سائیٹ پر ملاحظہ کریں)

# ڈی آئی وائی یا مرمتی کے کاموں کے حوالہ سے مزید معلومات کے لیے:

* اپنے لینڈلارڈ سے رابطہ کریں؛
* کرایہ داروں کی اپنی ہینڈبک ملاحظہ کریں جس میں مرمتی کے کاموں کی نشاندہی کے حوالہ سے معلومات آپ کو مل جانی چاہیں؛
* درج ذیل ویب سائیٹس پر نظر ڈالیں: -- www.bbc.co.uk/homes/diy – www.channel4.com/4homes/diy-self-build – www.diyfixit.co.uk – www.housetohome.co.uk – www.lets-do-diy.com





# 6

# اگلا مرحلہ کیا ہے؟

تو اب آپ نئے گھر میں آ چکے ہیں، آپ نے اپنا سامان کھول لیا ہے، آپ نے ایک یا دو دیواروں کو رنگ بھی کر لیا ہے اور یہ جگہ اب آپ کو اپنا گھر محسوس ہو رہی ہے! یہ بڑی بات ہے۔

تو اگلے مرحلے میں آپ نے گھر سے باہر نکلنا ہے اور ارد گرد میں گھومنا ہے۔ نئی کمیونٹی میں اپنی زندگی کو ڈھالنا آپ کے لیے اتنا ہی ضروری ہے جتنا اپنے نئے گھر کے اندر۔ نئے علاقہ میں گھوم کر آپ محظوظ ہو سکتے ہیں مگر یہ تھوڑا بہت خطرناک بھی ہوسکتا ہے۔

آپ سوچ رہے ہوں گے کہ نئے دوست کس طرح بنائے جائیں، آپ کے بچوں ک دیکھ بھال کرنے میں کون آپ کی مدد کر سکتا ہے یا اس علاقہ میں کون کون سی سہولیات دستیاب ہیں۔ اب وقت ہے کہ آپ باہر اپنی لوکل کمیونٹی میں نکلیں اور دیکھیں کہ کس چیز کی پیشکش کی جا رہی ہے، اور ہاں آغاز کرنے کے نصف درجن سے زائد راستے موجود ہیں۔ لطف اندوز ہوں!

## لائبریریاں

اپنی مقامی لائبریری سے آغاز سب سے بہتر جگہ ہے۔ تمام لائبریریوں میں ایک کمیونٹی نوٹس بورڈ ہوتا ہے جہاں پر تمام مقامی چیزوں کے بارے میں اشتہار دیا جاتا ہے، ماں اور ٹوڈلر گروپ سے لے کر یوگا کی کلاسوں تک، سینما کی سستی راتیں، کھیل و تفریح کے کلب اور مذہبی گروپس۔ آپ وہاں پر بلا ادائیگی اینٹرنیٹ کا استعمال بھی کر سکتےہیں اس لئے اس کو اپنے قیام کی اولین جگہ بنائیں۔

## مذہب

اگرآپ مذہبی آدمی ہیں تو، اپنے ارد گرد کا چکرلگا کراپنی عبادت کی قریب ترین جگہ تلاش کریں۔ سروسز کا وقت نوٹ کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ جتنا جلد ہو سکے شامل ہوجائیں۔ مذہبی گروپ سے تعلق آپ کو نئے علاقہ میں قیام کرنے اور اپنے ہم خیال دوست بنانے میں حقیقی مدد فراہم کرتا ہے۔

## تفریح کے مراکز اورتیراکی کے پولز

کونسل کے تفریح مراکز پرائیویٹ جیم خانوں سے زیادہ سستے ہوتے ہیں اور زیادہ تر اس سے بھی سستے ہوتے ہیں بشرطیکہ آپ رش والے اوقات میں نہ جائیں تو۔ مقامی تیراکی پولزعام طور پر مصروف اوقات کے علاوہ سستی سرگرمیاں اور ماں اور بچے کے لئے تیراکی بھی فراہم کرتے ہیں۔ اپنے علاقہ میں موجود سہولیات کے متعلق معلوم کرنے کے لئے اپنی مقامی کونسل کا ویب سائیٹ دیکھیں۔

## شام کی کلاسیں

آپ کیوں نہ اپنے آپ کو قریب ترین مزید تعلیم یا آڈلٹ لرنینگ کالج میں شام کی کلاسوں میں داخل کریں؟ یہ قدرے سستی ہوتی ہیں اور پہلے ہی سےبینیفٹ حاصل کرنے والے طالب علموں کوبہت سی رعاتیں‌فراہم کرتی ہیں۔ کورسیز آپ کو گھر سے باہر نکالنے، نئی مہارتوں میں اضافہ کرنے (جو کہ آپ کے کیرئیر کو بلند کر سکتی ہیں!) اور نئے دوست بنانے کا بہترین ذریعہ ہیں۔

## رضاکاری

تمام باروزکے اندر ترقی سے ہمکنارہوتا ہوا رضاکاری کا شعبہ ہے اور ہو سکتا ہے کہ آپ فیصلہ کریں کہ آپ اپنے تجربے کو دوسروں کی مدد کےلئےاستعمال کرنے کو تیار ہیں۔ یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آپ کے علاقہ میں کون سے خیراتی ادارے کام کرتے ہیں اپنی مقامی کونسل کی ویب سائیٹ پر نظر ڈالیں

## کمیونٹی سینٹرز یا ایسوسی ایشنز

یہ جگہیں بلا ادائیگی یا سستی سرگرمیاں مثلا سویمینگ کلب، بک گروپس، آرٹس پراجیکٹ سے لے کر ڈانس کی کلاسوں تک پیش کرتی ہیں۔ اپنی بارو میں "کمیونٹی سینٹرز" کو گوگل سے تلاش کریں یا مزید تفصیلات کے لئے اپنی کونسل کے ویب سائیٹ کو دیکھیں۔

## پریشان محسوس کرنا

اس کے باوجود کہ آپ اپنے نئے گھر کو پسند کرتے ہوں ایسے اوقات بھی ہوتے ہیں جب آپ اکیلا پن اورپریشانی محسوس کرتے ہیں ؛ شاہد دوست بنانے میں عام طورپر معمول سے زیادہ دیرلگتی ہے یا شاہد آپ مالی تفکرات سے دوچار ہوتے ہیں۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ نے اپنے علاقعہ میں موجود ایجنسیوں اور سپورٹ گروپوں کے بارےمیں پیشگی معلومات حاصل کر لی ہیں۔ چند ایک سپورٹ سروسز کے نام ضمیمہ سی میں درج کیے گئے ہیں لیکن دوسروں کو آپ اپنی کونسل کے ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔

نئے گھرمیں رہنا آپ کے لئے خوش بختی کا سبب بنے!

# 7
# ضمیمه جات

# ضمیمہ اے
# منتقل ہونے کی چیک لسٹ

بہت سے فلیٹس بغیر کسی فرنیچر یا آلات کے ہوتے ہیں۔ اس چیک لسٹ سے آپ کو اندازہ ہو گا کہ آپ کو کیا چیز مطلوب ہے۔ تھوڑی سی تحقیق کریں اور دائیں جانب لاگت کے کالم کو مکمل کریں جس سے آپ کو اندازہ ہو گا کہ اپنے آپ کو ترتیب دینے کے لئے آپ کو کس قدر خرچ کی ضرورت ہو گی۔

| اشیاء | لاگت(£) |
|---|---|
| کارپیٹس | |
| میٹرس | |
| بیڈ کا فریم | |
| بیڈنگ | |
| ککر | |
| فریج | |
| کیتلی | |
| باتھ کا تولیہ | |
| دستی تولیہ | |
| روشنی کے بلب | |
| ٹیبل | |
| کرسیاں | |
| الماریاں | |
| درازوں والی الماری | |
| کٹلری (چھری/کانٹا/چمچ) | |
| باٹل اوپنر | |
| ٹین اوپنر | |
| باورچی خانہ کی چھری | |
| برتن | |
| ٹی ٹاول | |
| صفائی کا سامان | |
| جھاڑو/بالٹی/صافی | |
| کوڑے دان اور برش | |
| ٹی وی | |
| ریڈیو | |
| ٹول کٹ | |
| دیگر | |
| **کل** | |

# ضمیمہ بی
# بجٹنگ (میزانیہ کاری)

جب آپ ضمیمہ اے میں درج ٹیبل کو مکمل کر لیں اوریہ معلوم کر لیں کہ آپ کو اپنے فلیٹ میں منتقل ہونے کے لئے کتنی رقم چائیےتو بہت اہم بات یہ ہے کہ بچت شروع کی جائے خاص طور پر جب آپ کمیونٹی کیئر گرانٹ کے حقدار نہ ہوں۔
ایک ہفتہ وار میزانیہ یہ دیکھنے میں آپ کی مدد کرے گا کہ آپ ہر ہفتہ کتنا بچا سکتے ہیں:

| آمدنی | رقم |
|---|---|
| تنخواہ/اجرت | |
| بینیفٹ | |
| دیگر | |
| **کل آمدن** | |

| اخراجات | لاگت(£) |
|---|---|
| کرایہ | |
| پانی کا بل | |
| کونسل ٹیکس | |
| بجلی | |
| گیس | |
| ٹیلی فون – لینڈ لائن | |
| ٹیلی فون – موبائل | |
| گھریلو اشیاء کی انشورنس | |
| گھر داری (کھانا، اخبار، ٹائلٹریز وغیرہ) | |
| سفری اخراجات | |
| کپڑے وغیرہ | |
| ٹی وی لائسنس | |
| دیگر | |
| **کل خرچ** | |

آپ کی ”کل آمدن“ سے“ کل خرچ“ منہا کر کےباقی جو کچھ بچتا ہے وہ آپ کے اخراجات کے بعد کی رقم ہے۔

# ضمیمہ سی

# مفید رابطے

## کونسل ویب سائیٹس

| | | |
|---|---|---|
| Barking & Dagenham | www.barking-dagenham.gov.uk | بارکنگ اینڈ ڈیگنہم |
| Barnet | www.barnet.gov.uk | بارنیٹ |
| Bexley | www.bexley.gov.uk | بیکسلے |
| Brent | www.brent.gov.uk | برینٹ |
| Bromley | www.bromley.gov.uk | بروملے |
| Camden | www.camden.gov.uk | کیمڈن |
| City of London | www.cityoflondon.gov.uk | سٹی آف لندن |
| Croydon | www.croydon.gov.uk | کروئیڈن |
| Ealing | www.ealing.gov.uk | ایلنگ |
| Enfield | www.enfield.gov.uk | اینفیلڈ |
| Greenwich | www.greenwich.gov.uk | گرین ویچ |
| Hackney | www.hackney.gov.uk | ہیکنی |
| Hammersmith & Fulham | www.lbhf.gov.uk | ہیمراسمیتھا اینڈ فلہام |
| Haringey | www.haringey.gov.uk | ہیرنگی |
| Harrow | www.harrow.gov.uk | ہارو |
| Havering | www.havering.gov.uk | ہیورنگ |
| Hillingdon | www.hillingdon.gov.uk | ہیلنگڈن |
| Hounslow | www.hounslow.gov.uk | ہنسلو |
| Islington | www.islington.gov.uk | ایسلینگٹن |
| Kensington & Chelsea | www.rbkc.gov.uk | کینسیگٹن اینڈ چیلسیا |
| Kingston upon Thames | www.kingston.gov.uk | کنگسٹن اپان تھیمز |
| Lambeth | www.lambeth.gov.uk | لیمبیتھ |
| Lewisham | www.lewisham.gov.uk | لیوشام |
| Merton | www.merton.gov.uk | میرٹن |

| | | |
|---|---|---|
| Newham | www.newham.gov.uk | نیوہام |
| Redbridge | cms.redbridge.gov.uk | ریڈ بریج |
| Richmond upon Thames | www.richmond.gov.uk | ریچمونڈ اپان تھیمز |
| Sutton | www.sutton.gov.uk | سیوٹن |
| Southwark | www.southwark.gov.uk | ساؤتھ وارک |
| Tower Hamlets | www.towerhamlets.gov.uk | ٹاور ہیملیٹس |
| Waltham Forest | www.walthamforest.gov.uk | والتھام فاریسٹ |
| Wandsworth | www.wandsworth.gov.uk | وینڈز ورتھ |
| Westminster | www.westminster.gov.uk | ویسٹ مینسٹر |

## ڈی آئی وائی (ازخود کرنے والے کام)

www.bbc.co.uk/homes/diy
www.channel4.com/4homes/diy-self-build
www.diyfixit.co.uk
www.housetohome.co.uk
www.lets-do-diy.com
www.polycell.co.uk/guides/room_repairs.jsp

## ادویات

فرینک (منشیات کے غلط استعمال سے متعلق راہنمائی
اور مدد، دن میں 24 گھنٹے، ہفتہ میں 7 دن)
0800 776 600 یا 0800 917 8765
(اونچا سننے والوں کے لئے) www.talktofrank.com
لندن ڈرگ اینڈ الکوحل نیٹ ورک
(لندن کی تمام باروز میں راہنمائی اور مدد کی سروسز)
www.ldan.org.uk

## فوری رابطہ کے نمبر

ایمبولینس، فائیرا ینڈ پولیس سروسز
999 یا 112
نیشنل گریڈ گیس ایمرجنسی
0800 111 999فری فون
www.gas-guide.org.uk/emergencies.html

## مشروعات الأثاث

فرنش
020 8969 3332
www.sbhg.co.uk
فرنیچر ایڈ (ایجنسی ریفرل طلب کرتے ہیں)
020 7793 7787
www.furniture-aid.co.uk
ہیلنگڈن کمیونٹی فرنیچر پراجیکٹ
01895 256655(ہیز برانچ) (اکسبریج برانچ)
020 8797 9505
www.trinityhomelessprojects.org.uk
ہوم اسٹور (ایجنسی ریفرل طلب کرتے ہیں)
020 8519 6264
www.quakersocialaction.com
ہنسلو فرنیچر پراجیکٹ (ایجنسی ریفرل طلب کرتے ہیں)
020 8814 2225
www.hounslowct.org.uk
ریسٹور
020 8493 0900
www.restorecommunityprojects.org

## صحت اور جنسی صحت

برٹش پریگنینسی ایڈوائزری
www.bpas.org.uk
بروک ایڈوائزری سروس (امتناع حمل، حمل کی ٹیسٹنگ، بلامنصوبہ حمل اورجنسی عمل کے بارے میں مشورہ سے متعلق معلومات)۔
بلامعاوضہ اور رازداری کے ساتھ۔
1234 802 0800
admin@brookcentres.org.uk
www.brook.org.uk
فیملی پلاننگ ایسو سی ایشن
www.fpa.org.uk / 1334 310 0845
این ایچ ایس ڈائریکٹ
www.nhsdirect.nhs.uk / 4647 08457
پیرنٹ لائن پلس (24 گھنٹے
معلومات اورنگہداشت کے تمام پہلوؤں کے بارے میں مدد)
www.parentlineplus.org.uk / 222 800 0808
ریپ کرائسیس
www.rapecrisis.org.uk
ریلیٹ (تعلقات کے مسائل سے
دوچار بالغ افراد کے لئے مشاورتی سروس)
www.relate.org.uk / 1310 456 0845
ویکٹم سپورٹ (متاثرہ افراد اور جرائم
کے گواہان کے لئے قومی خیراتی ادارہ)
www.victimsupport.org.uk / 0900 303 0845
وومن ہیلتھ کسرن
www.womens-health-concern.org / 2319 123 0845

## ہاؤسنگ

ڈائریکٹ گورنمنٹ
www.direct.gov.uk
کرایہ جمع کروانے کی اسکیمیں
www.privaterentedsector.org.uk
شیلٹر(گھروں کے ضرورتمند افراد کے
لئےراہنمائی، معلومات اورحمائت)
www.shelter.org.uk

## ی ٹ ی ب ی ج ل ی ا

گیلپ (گریٹرلندن میں ہم جنس پرستوں سے خوف اور ٹرانسفوبیک
نفرت کے جرائم سے متعلق راہنمائی)
/ 2040 7704 020
www.galop.org.uk
لندن لیسبین اینڈ گے سویچ بورڈ
admin@llgs.org.uk / 7324 7837 020

## ریسائیکلنگ

www.dontdumpthat.org.uk
www.freecycle.org

## حقوق

اسٹیزن ایڈوائس بیورو
www.adviceguide.org.uk
حقوق نسواں (خواتین کے لئے بلا معاوضہ رازدارانہ قانونی راہنمائی)
www.rightsofwomen.org.uk

## سیفٹی اینڈ سیکورٹی (تحفظ وحفاظت)

www.crimereduction.homeoffice.gov.uk

## سپلائیرز – گیس، بجلی، انشورنس وغیرہ

برٹش گیس www.britishgas.co.uk

کنفیوزڈ www.confused.com

ای ڈی ایف اینرجی نیٹ ورک (بجلی) 0800 096 9000

www.edfenergy.com

ای۔ آن انرجی www.eon-uk.com

اینرجی چوائسیز www.energychoices.co.uk

گوکمپیئر www.gocompare.com

ہوم ایڈوائزری سروس www.HomeAdvisoryService.com

منی سپرمارکیٹ www.moneysupermarket.com

این پاور www.npower.com

رائل میل www.royalmail.co.uk

Simply Switch www.SimplySwitch.com

تھیمزواٹر www.thameswater.co.uk

ٹرانسکو میٹر ہیلپ لائین 0870 608 1524 (Gas)

ٹی وی لائسنسنگ www.tvlicensing.co.uk

یو سویچ www.uSwitch.com

یو کے پاور www.ukpower.co.uk

انراولیٹ www.unravelit.com

# ورک اینڈ منی

سلپ رٹنیس باج

0800 055 6688

سورس گنلسنوک ٹڈیرکرمویزنک

0800 138 1111 / www.cccs.co.uk

ےکوی پلیہ ٹبیڈ

0800 078 9056 / www.debt-help-uk.org.uk

نئال ٹبیڈ لنشین

0808-808-4000

# ضمیمہ ڈی

# ایویس کے بارے میں

وہ خواتین جو کہ تشدد یا استحصال سے دوچار ہوئی ہوں ان کو ایویس اعلی درجہ ہاؤسنگ اور مدد فراہم کرتا ہے۔ ہم خواتین کے خلاف ہرقسم کے تشدد کے بارے میں تحقیق، حمایت اورترغیب بھی سرانجام دیتے ہیں۔ ہم ایک ایسے معاشرے کی تعمیر کے لئے کام کر رہے ہیں جس میں خواتین اور لڑکیاں تشدد، استحصال، تجسیم اور امتیازی سلوک سے آزاد ہوں۔

## ہمارے منصوبے

### امینا اسکیم

جہاں پرخواتین زندگی کے کسی بھی دور میں جنسی حملے، تشدد اورعصمت دری کا شکار ہوئی ہوں ماضی میں ایسے ہی تجربہ سے دوچار ہونے والی خواتین کی ایک اسکیم کے ذریعہ ان کو مدد اور دوستی فراہم کی جاتی ہے۔

### لیلیتھ پراجیکٹ

ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ جس کا مقصد ہے عورتوں کے خلاف ہر طرح کے تشدد کا مقابلہ کرنا اور خواتین کے شعبہ کو دوسروں کی مدد فراہم کرنا ہے۔

### پپی پراجیکٹ

وہ خواتین جن کو گھریلو بیگار اورعصمت فروشی کے لئے غیرقانونی طور پرخریدا جاتا ہے ان تک پورے یو کے میں رسائی اور رہائش۔

## اسکارلیٹ سینٹر

ایک محفوظ اوردوستانہ ماحول جہاں پرخواتین متعدد مسائل کے بارے میں مثلا ازسرنوآبادکاری، عصمت فروشی سے چھٹکارہ اور مشاورت سے متعلق راہنمائی اور مدد تک رسائی حاصل کر سکتی ہیں۔ آپ منگل تا ہفتہ کے دنوں میں صبح 10 بجے تا سہ پہر 1 بجے تک اور اس کے بعد 2 بجے تا شام 5 بجے تک تشریف لاکر ہماری کسی بھی صلاح کار سے گھریلو تشدد، عصمت دری، جنسی تشدد، منشیات اور الکوحل، بینیفٹ اور اقامت کاری، یا صرف کمپیوٹر، پرینٹر، کتابوں، فون وغیرہ کے بارےمیں بات چیت کر سکتی ہیں۔

اسکارلیٹ سینٹر ورکشاپوں اور پروگراموں کا انعقاد بھی کرتا ہے جہاں پر آپ نئی مہارتیں مثلاً اعتماد کے ساتھہ بات چیت کرنا، فرسٹ ایڈ، )سی وی تحریر کرنا، پریشانی سے نجات، ادویات اور ذہنی صحت کے مسائل کے درمیان تعلق سے متعلق سیکھتی ہیں۔

## سیرافینا پراجیکٹ

لندن کے اندر گھریلو تشدد کے سبب فرار ہونے والی عورتوں اور بچوں کے لئے رہائش اور مدد۔

مزید معلومات یا ورکشاپوں اور پروگراموں سے متعلق تازہ ترین ٹائم ٹیبل کے لئے ایویس کا ویب سائیٹ دیکھیں

www.eaves4women.co.uk
یا بطور متبادل اسکارلیٹ سینٹر سے 020 7840 7142 پر یا پھر
advice_centre@eaveshousing.co.uk پررابطہ قائم کریں۔

نوٹس

## تیار کردہ آرٹیپیپس

ڈیزائین: نکی بارنیبائے
تصویری تحقیق: ڈینس رڈ
پروڈکشن: کرسٹن ہاریسن

www.artypeeps.co.uk
info@artypeeps.co.uk
ہم کتابیں تیار کرتے ہیں

eaves
putting women first


Eaves Housing for Women
Unit 2.03
Canterbury Court
Kennington Business Park
1–3 Brixton Road
London SW9 6DE

www.eaves4women.co.uk

ایویس ہاؤسنگ فار وومن
یونٹ 03.2
کینٹر بری کورٹ
کین سینگٹن بزنس پارک
3–1 بریکسٹن روڈ
لندن SW9 6DR



Charity number: 275048
Company number: 1322750